ضیاء الادب

شرح

فیض الادب

۲

علامہ کمال الدین احمد خاں

نوریہ بکڈپو براؤں شریف (یو۔پی)

NOORIYA BOOK DEPOT
Baraun Sharif, Distt. Siddharth Nagar, (U.P.)

نام کتاب	:	ضیاء الادب ترکیب وترجمہ فیض الادب ثانی
شارح ومترجم	:	علامہ کمال الدین احمد خان صاحب فیضی
باہتمام	:	حضرت علامہ جمال احمد خان صاحب رضوی استاذ دارالعلوم فیض الرسول
نظر ثانی	:	حضرت علامہ مفتی محمد مستقیم صاحب مصطفوی
پروف ریڈنگ	:	مولوی افضل حسین، مولوی ابوالحسن
کمپوزر	:	ممتاز احمد (ایڈوانس کمپیوٹر سینٹر) موتی گنج چوراہا۔
سائز	:	23X36/16 صفحات
قیمت	:	Rs. 80/= سن اشاعت بار اول ۲۰۰۳ء
ناشر	:	نوریہ بک ڈپو براؤں شریف ضلع سدھارتھ نگر

تقسیم کار

کتب خانہ امجدیہ ۴۲۵/۷ مٹیا محل جامع مسجد دہلی ۶ Ph. 23243187

ملنے کے پتے

کتب خانہ امجدیہ نزد ٹاؤن کلب پکہ بازار بستی 05542-285150

نوریہ بک ڈپو براؤں شریف ضلع سدھارتھ نگر یوپی

فاروقیہ بک ڈپو C/۴۲۲ مٹیا محل جامع مسجد دہلی

المجمع المصباحی مبارک پور ضلع اعظم گڈھ

کتب خانہ قادریہ اٹوا بازار ضلع سدھارتھ نگر

امجدی بک ایجنسی اترولہ ضلع بلرام پور یوپی

دارالعلوم عربیہ اسلامیہ اہل سنت سعدی مدنپور ضلع باندہ (یوپی)

شرف انتساب

میں اپنی اس کاوش کو قطب ربانی محبوب سبحانی حضور **سیدنا شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی بغدادی** رضی اللہ تعالی عنہ

اور

تاجدار اہل سنت شہزادہ اعلی حضرت مفتی اعظم ہند حضور سیدی ومرشدی مولانا **شاہ محمد مصطفیٰ رضا خان** رضی اللہ تعالی عنہ

اور

شعیب الاولیاء حضرت مولانا **شاہ محمد یار علی** القدر رضی المولی عنہ بانی دارالعلوم اہلسنت فیض الرسول براؤں شریف ضلع سدھارتھ نگر

اور

رئیس الاتقیاء استاذ العلماء استاذی الکریم حضرت علامہ شاہ مفتی **بدرالدین احمد** قادری رضوی علیہ الرحمۃ والرضوان

کی طرف منسوب کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں جن کے فیض بے کراں سے میں اس علمی کاوش کے لائق بن سکا۔

خادم الطلبۃ والعلماء

کمال الدین احمد رضوی

دارالعلوم عربیہ اسلامیہ اہل سنت سعدی مدنپور ضلع باندہ

اپنی باتیں

رئیس الاتقیاء استاذ العلماء حضرت علامہ شاہ مفتی **بدر الدین احمد** قادری رضوی نور اللہ مرقدہ کی عبقری شخصیت ملک و بیرون ملک میں محتاج تعارف نہیں ہے جنہوں نے بے شمار دینی وملی، علمی وعملی تحقیقی خدمات انجام دیئے ہیں آپ کے جملہ تصنیفات کو اس قدر مقبولیت حاصل ہوئی کہ اکثر اسلامی ادارے میں داخل نصاب ہے انہیں میں سے فیض الادب اول وفیض الادب ثانی ہے جو مع ترکیب پڑھائی جاتی ہے طالبان علوم دینیہ کے آسانی کے خاطر دونوں حصے کی ترکیب تحریر کر کے پیش کر رہا ہوں راقم کو اپنی کم علمی اور بے بضاعتی کا پورا احساس ہے اس لئے اصحاب علم کی خدمت میں گزارش ہے کہ کتاب میں کوئی خامی یا نقص پائیں تو براہ کرم حقیر کو مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اڈیشن میں صحیح کردی جائے۔

ناچیز جملہ اساتذہ کرام خصوصا حضور بدر العلماء علیہ الرحمۃ والرضوان کا شکریہ ادا کرتا ہے جن کی علمی تربیت اور علمی فیضان سے ضیاء الادب علی ترکیب فیض الادب ناظرین کی خدمت میں پیش کرنے کے لائق ہوا کتاب لکھنے کے بعد سب سے بڑا مسئلہ طباعت کا ہوتا ہے مگر میں ممنون ہوں گرامی قدر حضرت علامہ مولانا **جمال احمد خان صاحب رضوی** مدیر ماہنامہ فیض الرسول واستاذ دار العلوم اہل سنت فیض الرسول **براؤں شریف** کا کہ موصوف نے میری حوصلہ افزائی فرمائی اور پورا بار برداشت کر کے طباعت واشاعت کے مراحل سے گزارا۔ چونکہ یہ کتاب مبتدی طلبہ کے لئے ہے اس لئے میں نے:

(۱) ترکیب کو میں نے زیادہ تر مختصر اور آسان کرنے کا پورا خیال کیا ہے اور عربی عبارت کا ترجمہ لفظی کی ہے۔

(۲) بطور اختصار مضاف ومضاف الیہ کو مرکب اضافی، موصوف صفت کو مرکب وصفی ممیز تمیز کو مرکب تمیزی تحریر کیا ہے۔

(۳) اختصار کے پیش نظر الف ولام کی وضاحت نہیں کی ہے تعریف کا ہے یا عہد ذہنی یا خارجی وغیرہ۔

(۴) اسم منسوب اور شبہ فعل میں ضمیر وہاں نکالی ہے جس کے متعلق کسی کو کیا ہے ورنہ بطور اختصار ضمیر نہیں نکالی ہے جبکہ نحویوں کے نزدیک شبہ فعل میں ضمیر نہ نکالنا خطائے فاحش ہے۔

(۵) مضمرات اور اسمائے اشارات میں مثلا اَنْتَ میں اَنْ ضمیر تا برائے خطاب نہ تحریر کر کے اَنْتَ کو ضمیر اور مثلا ھٰذا میں ھَا برائے تنبیہ ذَا اسم اشارہ لکھنے کے بجائے ھٰذا کو اسم اشارہ لکھا ہے طالب علم جب بشیر

الکامل، بشیر الناجیہ دیکھے گا خود سمجھ لے گا۔

(۶) مفرد منصرف صحیح وغیر منصرف، معرب ومبنی وغیرہ کے تفصیلات کو اختصار کے پیش نظر نہیں لکھا یوں ہی جار مجرور کے متعلق کو ظرف لغو وظرف مستقر کے بجائے آسانی کے خاطر متعلق لکھا ہے۔

دعا ہے کہ مولی تعالی عزوجل اس کتاب کو مقبول خاص وعام فرمائے اور آخرت میں اس عاصی اور جملہ مومنین ومومنات خصوصا میرے جد امجد عالیجناب عبد الصمد مرحوم اور نانا مکرم عالی جناب کرم محمد مرحوم کے لئے ذریعہ نجات بنائے۔ آمین۔

نفع اللہ عزوجل المتعلمین بھذا الکتاب وجعلہ وسیلۃ لتحصیل العلوم الدینیۃ بجاہ سید المرسلین علیہ وعلی الہ افضل الصلوۃ واکمل التسلیم.

کمال الدین احمد رضوی

خادم دار العلوم عربیہ اسلامیہ اہل سنت سعدی مدنپور ضلع باندہ یوپی

۲۰ ر جمادی الآخرہ ۱۴۲۳ھ بروز جمعہ مبارکہ مطابق ۳۰ راگست ۲۰۰۲ء

تاثر گرامی

مفتی محمد مستقیم صاحب مصطفوی دارالعلوم فیض الرسول براؤں شریف

بسم الله الرحمن الرحیم. نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

بدرملت حضرت علامہ بدرالدین احمد صاحب قبلہ علیہ الرحمہ کی تصنیف ''فیض الادب'' ابتدائی عربی ادب کی ایک بہترین کتاب ہے جو بیشتر دینی مدارس میں داخل نصاب بھی ہے۔ نحوی وصرفی قواعد کے اجراء کے ساتھ اگر یہ کتاب طلبہ کو پڑھادی جائے تو ان کے اندر تحقیقی طور پر ترکیب نحوی، عربی عبارت خوانی نیز معنیٰ فہمی اور اردو سے عربی ترجمہ کی اچھی خاصی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ سب اسی وقت ہوگا جب مدرس بھی ذی استعداد اور محنتی ہو۔ جبکہ مشاہدہ گواہ ہے کہ موجودہ دور میں کسی مدرس کے اندر ان دونوں اوصاف کا پایا جانا نہایت قلیل ہے۔ اور الحاقی مدارس میں مدرسین کی تقرری کے سلسلے میں جب سے تعلقات اور قرابت داری کا خاص لحاظ کیا جانے لگا ہے ذی استعداد مدرسین کی تقرری کا تناسب افسوسناک حد تک کم ہو گیا ہے۔

اب ظاہر ہے کہ ایسے ماحول میں فیض الادب کی تعلیم بہت سارے اساتذہ کے لئے حد درجہ مشکل ودشوار ہے۔ اور جن حضرات کے لئے اس کی تعلیم دشوار نہیں ان میں سے بہت سارے لوگوں کی کم توجہی کی بنا پر کتاب مذکور کی تدریس کا جو مقصد ہے وہ فوت ہو رہا ہے۔ لہذا طلبہ کی خیر خواہی کے پیش نظر اس کتاب کی ایک معتبر شرح کی ضرورت تھی جس کی مدد سے باذوق طلبہ اپنے اندر عربی ادب کی اچھی صلاحیت پیدا کر سکیں۔

خدا بھلا کرے حضرت مولانا کمال الدین صاحب رضوی کا کہ انہوں نے فیض الادب کی ایک عمدہ اور بہترین شرح ضیاء الادب کے نام سے لکھ کر طلبہ کی خیر خواہی کا مظاہرہ فرمایا۔ فجزاه الله عنا خیر الجزاء۔

ضیاء الادب مکمل طور پہ تو میں نہیں دیکھ سکا لیکن جہاں، جہاں دیکھا اسے اچھا پایا۔ حضرت مولانا کمال الدین صاحب رضوی چونکہ ایک ذی استعداد فاضل برسہا برس کے تجربہ کار اور محنتی استاذ نیز حضرت مصنف علیہ الرحمہ کی درسگاہ کے فیض یافتہ اور خوشہ چیں ہیں اس لئے مجھے پورا پورا بھروسہ ہے کہ ان کی شرح معتبر اور معتمد ہوگی۔

مولانا موصوف کے ساتھ رہ کر کئی برس تک مجھے بھی درس وتدریس کا موقع ملا ہے اس لئے اپنے ذاتی مشاہدہ کی بنا پر میں یہ بات کہہ سکتا ہوں کہ موصوف ایک صاحب بصیرت عالم دین اور منجھے منجھائے باصلاحیت ومحنتی استاذ ہیں، فیض الادب کی شرح لکھنا انہیں جیسے لوگوں کے شایان شان ہے۔

موصوف ایک کم سخن، مستقل مزاج، دور اندیش، ماحول پہ گہری نظر رکھنے والے اور کثیر التلامذہ بافیض عالم دین ہیں۔ بندیل کھنڈ کا علاقہ ان کے علمی فیضان سے مالا مال ہے۔ تقریباً ۱۹؍سال سے دارالعلوم عربیہ اسلامیہ اہل سنت سعدی مدنپور ضلع باندہ میں نائب صدر مدرس کی حیثیت سے طلبہ کی تعلیم وتربیت میں معروف ہیں۔

دعا ہے کہ مولیٰ تعالیٰ موصوف کی اس قلمی کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے، عمر میں برکتیں عطا فرمائے اور ان کی ذات سے دین متین کی بیش از بیش خدمات لے۔ آمین بجاہ حبیبك الکریم علیه الصلوة والتسلیم۔

محمد مستقیم مصطفوی

خادم دارالعلوم فیض الرسول براؤں شریف

۱۰ ربیع الاول ۱۴۲۴ھ - ۱۳؍مئی ۲۰۰۳ء

کلمات تحسین

از: حضرت مولانا نظام الدین احمد نوری استاذ دارالعلوم اہل سنت فیض الرسول براؤں شریف

فیض الادب بدرملت حضرت علامہ بدرالدین صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ کی عربی ادب میں ابتدائی مگر نہایت قابل قدر تصنیف ہے یہی وجہ ہے کہ تقریباً تمام مدارس اہل سنت میں داخل نصاب بھی ہے۔ تعلیمی انحطاط کے اس دور میں اب فیض الادب کا ترکیب کے ساتھ پڑھنا اور پڑھانا قدرے مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ ضرورت تھی ایک آسان اور معتبر شرح کی جس کی روشنی میں طلبہ صحیح ترجمہ اور ترکیب سے روشناش ہو سکیں۔

شرح کی سعادت حضرت علامہ کمال الدین احمد صاحب قبلہ رضوی کے حصے میں دیکھ کر بے پناہ مسرت ہوئی جا بجا کتاب کو دیکھنے سے اندازہ ہوا کہ یہ کتاب بلاشبہ قدر کی نگاہوں سے دیکھی جانے کی مستحق ہے۔

حضرت علامہ کمال الدین صاحب فیض الرسول کے انتہائی ہونہار فاضل اور نہایت ماہر استاذ ہیں تقریباً اٹھارہ سالہ تدریسی تجربہ کے بعد لکھی گئی ان کی یہ کتاب یقیناً اہل فن سے داد تحسین وصول کئے بغیر نہیں رہے گی۔

بندیل کھنڈ کی مشہور ومعیاری درسگاہ دارالعلوم عربیہ اسلامیہ سعدی مدنپور باندہ میں اٹھارہ سال سے نائب صدر المدرسین کی حیثیت سے کام کرنے اور ایک بافیض استاذ ہونے کی حیثیت سے موصوف کی شخصیت محتاج تعارف نہیں مولائے قدیر موصوف کی اس شرح کو نافع سے نافع تر بنا کر ان کے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے آمین۔ بجاه حبیبه سید المرسلین علیه وعلی آله اکرم الصلاة وافضل التسلیم۔

فقط

نظام الدین احمد نوری

خادم دارالعلوم اہل سنت فیض الرسول براؤں شریف

یکم رجب المرجب ۱۴۲۴ھ

شَيئٌ من القواعد النحوية

علم ادب:۔ وہ علم ہے جس کی رعایت سے انسان اپنے مافی الضمیر کی ادائیگی میں لفظی وتحریری غلطیوں سے محفوظ رہے۔

موضوع:۔ الفاظ وعبارات وغیرہ

غرض وغایت:۔ ذہن وزبان کو لفظی وتحریری غلطیوں سے بچانا۔

﴿۱﴾ مبتدا وخبر کے مابین لزوم مطابقت کی شرطیں

(۱) خبر کا مشتق ہونا۔ اَلْكَلِمَةُ لَفْظٌ۔

(۲) خبر میں ضمیر مبتدا کا ہونا۔ زَيْنَبُ وسَقَرُ وماهُ وجورُ ممتنعٌ لان الضمير راجع الى الصرف۔

(۳) مبتدا وخبر دونوں کا اسم ظاہر ہونا۔ هِيَ اِسْمٌ وفِعْلٌ وحَرْفٌ۔

(۴) خبر کا ایسی صفت نہ ہونا جو مؤنث کے ساتھ خاص ہو۔ المراة حائضٌ۔

(۵) خبر اسم تفضیل مستعمل بمِنْ نہ ہو۔ الصلوة خير من النوم

(۶) مذکر ومؤنث میں برابر نہ ہو۔ المرأة جريح۔ فعیل بمعنی مذکر ومؤنث برابر ہے۔

اسی وجہ سے مذکورہ بالا مثالوں میں مطابقت لازم نہ رہی۔ سوال باسولی صفحہ ۲۹

﴿۲﴾ کلمہ جلالت یعنی لفظ اللہ کے خصائص میں سے ہے کہ حرف ندا کو حذف کر کے عوض میں میم مشدد اس کے آخر میں لایا جاتا ہے اس کے علاوہ دوسرے اسم میں ایسا نہیں کیا جا سکتا لہذا اَللّٰهُمَّ کہنا درست مثلاً زَيْدُمّ کہنا غلط۔ شرح جامی صفحہ ۱۰۴ حاشیہ ۳

﴿۳﴾ جملہ خبریہ نکرہ کے حکم میں ہوتا ہے لہذا اسے نکرہ کی صفت بنا سکتے ہیں۔ شرح جامی ۱۸۹

﴿۴﴾ جب ضمیر مرجع اور خبر کے مابین دائر ہو تو خبر کی رعایت بہتر ہے۔

جیسا کہ سوال کابلی میں ہے۔ ان الضمير اذا واربين المرجع والخبر فرعاية الخبر اولى (اى فى التذكير والتانيث) من المرجع لان الخبر محل الافادة وداخل فى الكلام والمرجع خارج عنه۔

﴿۵﴾ **جمع مذکر سالم** حکم میں واحد مؤنث کے نہیں ہوتا۔

انما استثنى هذا الجمع اى جمع المذكر السالم لامتناع تاويلها بالجماعة لوجود علامة المذكر فيه هو الواو فلا يصح التاويل بالجماعة الهامية ۵۱

﴿۶﴾ **ظرف لغو:۔** جس جار مجرور کا متعلق عبارت میں مذکور ہو

ظرف مستقر:۔ جس کا متعلق مذکور نہ ہو۔

چنانچہ الہامیہ صفحہ ۲۰۳ میں ہے۔ اذا كان متعلقها ظاهرا يسمى ظرفا لغوا لعدم احتياجه الى المقدر وان كان متعلقها مقدر يسمى ظرفا مستقرا لاحتياجه الى المقدر۔

﴿۷﴾ جمہور کے نزدیک موصول حرفی تین ہیں۔

(۱) اَنَّ حرف مشبہ بالفعل (۲) اَنْ مصدری (۳) ما مصدریہ۔ بشیر الناجیہ صفحہ ۵

﴿۸﴾ جمع منتھی الجموع کے تیرہ اوزان ہیں

(۱) مَفَاعِلُ جیسے مَسَاجِدُ

(۲) مفاعِيلُ جیسے مَصَابِيْحُ

(۳) فَعَالِيْنُ۔ جیسے سَلَاطِيْنُ

(۴) فَوَاعِلُ جیسے ضَوَارِبُ

(۵) اَفَاعِلُ جیسے اَكَارِمُ

(۶) فَعَائِلُ جیسے صَحَائِفُ

(۷) فَعَالِلُ جیسے جَعَافِرُ

(۸) فَعَالِيُّ جیسے كَرَاسِيُّ

(۹) فَعَالِيْلُ جیسے قَنَادِيْلُ

(۱۰) تَفَاعِلُ جیسے تَجَارِبُ

(۱۱) فَعَالِنُ جیسے بَلَاغِنُ جمع بِلَغْن

(۱۲) تَفَاعِيْلُ جیسے تَمَاثِيْلُ

(۱۳) اَفَاعِيْلُ جیسے اَقَالِيْمُ بشیر الناجیہ ۴۹

(۹) **جمع مکسر** حکم میں واحد مونث کے ہوتا ہے لہذا اَلرِّجَالُ جَاءَتْ درست ہے اس لئے کہ الرجال جماعت کے تاویل میں ہے اور جماعت واحد مونث ہے۔ شرح جامی ۲۵۷

(۱۰) خیر وشر دونوں اسم تفضیل ہیں صرف بذریعہ مِنْ مستعمل ہیں دونوں میں تذکیر وتانیث برابر ہے اصل میں اَخْيِرُ واَشْرَرُ تھے ہمزہ کو تخفیفا حذف کر کے اَخْيِرُ کے یا اور اشرر کے راء اول کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دیا گیا اور دونوں راء کو ایک جنس ہونے کی وجہ سے ملا دیا گیا خیر وشر ہو گئے۔

سوال باسولی ۶۵۴، ایضا شرح جامی ۲۷۹، ۱۲

(۱۱) حرف کی دو قسمیں ہیں (مبانی) (معانی)

تعریف مبانی:۔ جو اس لئے وضع کئے گئے ہیں کہ ان سے کلمات مرکب کئے جائیں یہ کسی معنی پر دلالت نہیں کرتے ان کو حروف ہجا کہتے ہیں۔

تعریف معانی:۔ جس کی وضع معنی پر دلالت کرنے کے لئے ہے جیسے حروف مشبہ بالفعل وحروف جر وغیرہ۔ بشیر الناجیہ صفحہ ۱۶

اَیٌّ کے مواضع استعمال

(۱۲) اَیٌّ کے مواضع استعمال مختلف ہیں (۱) موصوفہ (۲) استفہامیہ (۳) شرطیہ (۴) موصولہ یاایھا الرجل میں ای موصوفہ ہے جیسا کہ سوال باسولی صفحہ۵۳ میں ہے: یا ایھاالرجل فان الرجل صفة ای وھو مبنی وقولہ وبناء الموصوفة لھذا ای لکونھا منادی مفرد معرفة لالکونھا موصوفة والرجل صفة۔

(۱۳) ماضی میں یائے متکلم کے ساتھ نون وقایہ لازم ہے تاکہ ماضی کا آخر کسرہ سے جو اسم کے ساتھ خاص ہے محفوظ رہے۔ فعل مضارع میں بھی نون وقایہ آتا ہے جب کہ مضارع نون اعرابی سے مجرد ہو۔ شرح جامی ۲۱۶

(۱۴) موصول حرفی اور اسمی میں فرق

موصول حرفی اور موصول اسمی میں فرق یہ ہے کہ موصول اسمی کے صلہ میں ایک ضمیر ضروری ہے جو اس کی طرف راجع ہو اور موصول حرفی میں ایسی ضمیر ضروری نہیں ہوتی۔ بشیر الناجیہ صفحہ۵

(۱۵) **مصدر جعلی:۔** اسم کے آخر میں یا اور تا لگا کر بنایا جاتا ہے جیسے فاعی وغیرہ۔ بشیر الناجیہ ۱۸

(۱۶) ان پانچ مواضع کا بیان جہاں اضمار قبل الذکر لفظا ورتبۃ جائز ہے:

(۱) ضمیر رُبَّ میں جیسے رُبَّہٗ رَجُلًا لَقِیْتُ (۲) ضمیر نِعْمَ میں جیسے نِعْمَ الرجل زید

(۳) ضمیر شان جیسے ھُوَ زید قائم (۴) درصورت تنازع فعلان جیسے ضربنی واکرمنی زید

(۵) بدل مظہر از مضمر جیسے ضربتہ زیدا

بشیر الناجیہ ۷۱

(۱۷) حال فاعل یا مفعول بہ یا دونوں کا لایا جاتا ہے، مراد فاعل اور مفعول بہ سے عام ہے کہ حقیقۃً ہو یا حکماً اس تشریح کی بنیاد پر مثلاً مفعول معہ کا حال لانا درست ہو جائے گا اس لئے کہ مفعول معہ کبھی فاعل اور کبھی مفعول بہ کے معنی میں ہوتا ہے یہی حال مفعول مطلق کا ہے۔ شرح جامی ۱۳۱

(۱۸) بعض نحویوں کے نزدیک اسم منسوب بتاویل منتسب اسم فاعل کی طرح اور بعض کے نزدیک بتاویل منسوب ہو کر اسم مفعول کی طرح اس کے مرفوع کو بر تقدیر اول فاعل اور بر تقدیر دوم نائب فاعل کہتے ہیں تو جس طرح اسم فاعل اور اسم مفعول کے ساتھ ترکیب میں ان کے مرفوع کو نہ ملانا خطائے فاحش ہے اسی طرح اسم منسوب کے ساتھ ترکیب میں اس کے مرفوع کو نہ ملانا خطائے فاحش ہے۔

(۱۹) مضارع میں تفصیل یہ ہے کہ بر مذہب جمہور جب نون جمع غائب یا حاضر متصل ہو تو مبنی ہوتا ہے اور جب نون تاکید متصل ہو تب بھی مبنی ہوگا ان دونوں صورتوں کے ماسوا میں معرب ہوتا ہے جب نون تاکید کا اتصال صرف پانچ صیغوں میں ہوتا ہے۔ واحد مذکر غائب، واحد مونث غائب، واحد مذکر حاضر دو متکلم کے صیغوں میں تو بوقت اتصال یہ مبنی ہوں گے باقی سات صیغوں میں اتصال نہیں ہوتا کہ ضمیر فاعل فاصل ہوتی ہے۔ لہٰذا وہ معرب رہیں گے یہی حکم امر غائب معروف اور امر مجہول مطلقا اور نہی خواہ معروف ہو یا مجہول کا ہے اس لئے کہ یہ سب مضارع میں داخل ہیں۔ البشیر شرح نحو میر صفحہ ۳۱

(۲۰) جس مرکب بنائی کا جز وثانی حرف عطف کے معنی کو متضمن ہوتا ہے اس کو مرکب عددی کہتے ہیں اور یہ باختلاف صیغہائے مذکر و مونث اَحَدَ عَشَرَ سے تِسْعَةَ عَشَرَ تک اور حَادِیْ عَشَرَ سے تَاسِعُ عَشَرَ تک ہے یعنی کل اٹھارہ صیغے ہیں ان کے دونوں جز مبنی بر فتح ہوتے ہیں بجز اِثْنَا عَشَرَ کہ اس کا جز و اول معرب ہے۔ شرح جامی ۲۳۲

(۲۱) بدل تکریر عامل کے حکم میں ہوتا ہے

انا ابن التارک البکری بشر ☆ بشر عطف بیان ہے البکری کا بدل نہیں

لان البدل فی حکم تکریر العامل تقدیری عبارت یہ ہوگی انا ابن التارک بشری اور اَلتارک بشر جائز نہیں اس لئے کہ بشر التارک کا معمول نہیں بن سکتا۔ شرح جامی میں ہے:

وامتنع الضارب زید لعدم التخفیف لان تنون الضارب انما سقط للالف و لاللِاِضافة۔ شرح جامی ۱۷۸

(۲۲) کچھ شہروں کے اسماء کے تذکیر و تانیث کے بارے میں

اعلم ان اسماء البلدان الغالب علیھا التانیث ومنع الصرف الا منی والشام والعراق وواسطا وفلجا وحجرا فانھا تذکر وتصرف۔ (تمرین الادب فی ترقین العرب ۱۳)

شہروں کے اسماء میں غالب اس پر تانیث وغیر منصرف ہے۔ مگر منی وشام وعراق وواسط وفلج وحجر یہ سب مذکر و منصرف ہیں۔

مُقَام اور مَقَام کا فرق

(۲۳) کسی نے علامہ ابوالسعود رحمۃ اللہ تعالی علیہ سے سوال کیا کہ کہاں پر مَقام بفتح پڑھا جائے گا اور کہاں مُقام بضم یہ سوال بصورت نظم اس طور تھا۔

يَا وَحِيْدَ الدَّهْرِ يَا شَيْخَ الْاَنَامِ ☆ اَفْتِنَا فَرْقَ الْمُقَامِ وَالْمَقَامِ

علامہ موصوف نے جواباً ارشاد فرمایا کہ دونوں میں فرق مضاف الیہ کے اعتبار سے ہوتا ہے جب کہا جائے قَامَ فُلَانٌ یا اُقِیْمَ فُلَانٌ مقام فُلَانٍ تو یہ دیکھنا چاہئے کہ وہ مقام دراصل فلان ثانی کا ہے یا کسی اور کا اگر دراصل فلان ثانی کا ہے تو مَقَامٌ بالفتح پڑھا جائے گا خواہ فعل مجرد سے ہو یا مزید سے اور اگر فلان ثانی کا نہیں ہے کسی اور کا ہے تو مُقَامٌ بالضم پڑھا جائے گا جیسے قسم میں (باء) اصل ہے اور (واو) اس کی فرع اور (تاء) واو کی فرع پس اَلتَّاءُ قَامَ یا اُقِیْمَ فِیْ الْقَسَمِ مُقَامَ الْوَاوِ میں بالضم پڑھا جائے گا کہ مقام قسم دراصل مضاف الیہ یعنی واو کے لئے نہیں ہے اور اَلْوَاو قَامَ یا اُقِیْمَ فِیْ الْقَسَمِ مَقَامَ الْبَاءِ میں بالفتح پڑھیں گے کہ مقام قسم دراصل مضاف الیہ یعنی باء کے لئے ہے۔ (تمرین الادب فی ترقین العرب صفحہ ۱۳)

(۲۴) بعض الفاظ کے معانی کی تشریح

(۱) مَیْهَمْ بسکون الاخر وهی کلمة استفهام ای ما حالك وماشانك

(۲) اَرَاَیْتَكَ وَاَرَاَیْتُكُمَا وَاَرَاَیْتُكُمْ فِی الحدیث (وهی تقولها العرب العاربة) بمعنی اَخْبِرْنِیْ وَاَخْبِرَانِیْ وَاَخْبِرُوْنِیْ (والتاء مفتوحة)

(۳) لاهاالله. بمعنی لَا واللّٰه. والهاء للتنبیه وقد یقسم بها ابرلت الهاء بوا والقسم.

(٤) لَاجَرَمَ قال الفراء هی کلمة فی الاصل بمعنی لا بُدَّ ولا محالة فجرت علی ذالك وكثرت حتی تحولت الی معنی القسم وتستعمل بمعنی حقا.

(٥) اَلَمْ تَرَ اِلٰی كَذَا كلمة تقال عنه التعجب ولیس المراد بالرؤية العین بل رؤیة العلم والیقین.

(٦) لَا اَبَالَكَ بمعنی لا محالة کما فی القاموس.

(٧) طَالَمَا مرکبة من الفعل وهو طال وما مصدرية يقال طالما انتظرتك یعنی دیراست کہ چشم میدارم ترا۔

(٨) لَا سِیَّمَا بمعنی لَا تَرَها وغیره تفید هذه الکلمة اینما کانت التفضیل والتخصیص وهی مرکبة من لا وسی وما.

حَتَام مرکبة من حتی الجارة وما الاستفهامية.

(١١) وَیْلَكَ وَیْحَكَ:۔ الاول کلمة العذاب والزجر والثانی کلمة الترحم والشفقة.

(تمرین الادب فی ترقین العرب) للعلامہ عبدالاول الجونفوری صفحہ ۱۴، ۱۵، ۱۶

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

بسم الله الرحمن الرحیم

ترجمہ:۔ اللہ کے نام سے شروع جو نہایت رحم کرنے والا مہربان

ترکیب:۔ باء حرف جار اسم مضاف کلمہ جلالت موصوف الف لام برائے تعریف رحمٰن صفت مشبہ اس میں ھـو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل راجع بسوئے موصوف صفت مشبہ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت اول الف لام برائے تعریف رحیم صفت مشبہ شبہ فعل اس میں ھُـوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل صفت مشبہ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت ثانی موصوف اپنی دونوں صفتوں سے مل کر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا اَبْتَـدِی کے فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَـا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ لفظاً انشائیہ معنًی ہوا۔

الحمد لله الذی جعل نبِیّنا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم سیدالمرسلین واقامهٗ یوم القیامةِ شفِیعاً لِّلمذ نبین.

ترجمہ:۔ تمام خوبیاں اللہ تعالیٰ کے لئے جس نے بنایا ہمارے نبی ﷺ کو رسولوں کا سردار اور مقرر کیا اس نے ان کو قیامت کے دن گنہگاروں کی شفاعت کرنے کے لئے ہے

ترکیب:۔ الحمد مبتدا لام حرف جار کلمۂ جلالت موصوف الذی اسم موصول جعل فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل راجع بسوئے کلمۂ جلالت نبِیّنا مرکب اضافی ہو کر مفعول بہ اول سید المرسلین مرکب اضافی ہو کر مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف اقام فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل ہ مفعول بہ اول یوم القیامة مرکب اضافی ہو کر مفعول فیہ ہوا شفیعاً شبہ فعل کا اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل للمذنبین مرکب جری ہو کر متعلق ہوا شفیعاً کے شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف معطوف الیہ اپنے معطوف سے مل کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثابت شبہ فعل کے ثابت شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ الْمُكَرَّمِیْنَ وَصَحْبِهٖ الْمُعَظَّمِیْنَ وَعَلَی الْعُلَمَآءِ الَّذِیْنَ كَانُوْا بِاٰدَابِهٖ مُتَادِّبِیْنَ.

ترجمہ :۔اور درود سلام نازل ہواس کے رسول خاتم النبین (یعنی آخری نبی) پر اوران کی عظمت والی آل اوران کے عزت والے صحابہ پر اوران علماء پر جوان کے آداب وطریقہ کے ساتھ آراستہ ہیں۔

ترکیب :۔واؤحرف الصلوٰۃ والسلام مرکب عطفی ہوکر مبتدا علی حرف جار رسولہٖ مرکب اضافی ہوکر موصوف خاتم النبین مرکب اضافی ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف الیہ واؤحرف عطف علی حرف جار آلہٖ مرکب اضافی ہوکر موصوف المکرمین صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر معطوف علیہ واؤحرف عطف صحبہٖ مرکب اضافی ہوکر موصوف المعظمین صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف اول واؤحرف عطف علی حرف جار العماءِ موصوف الذین اسم موصول کانو افعل ناقص اس میں واؤ ضمیر بارز اسم با حرف جار اٰدابہٖ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوامتادّبین کے متادبین شبہ فعل اس میں ھم کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر متعلق ہوانازلانِ شبہ فعل کے نازلان شبہ فعل اس میں ھما کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

تمرین کے لئے چھوٹے جملے

اَلْغُصْنُ۔ شاخ، ڈالی، جمع اغصان، غُصُوْنٌ۔ اَلْحَرِیْطَۃُ (ملکی) نقشہ۔ الحریرُ، ریشم، ریشم کا بنا ہوا۔ الرَّاتِبُ۔ تنخواہ۔ وظیفہ جمع رواتِبُ۔ اَلْکِبْرِیْتُ۔ ماچس، دیا سلائی۔ الشَّارِعُ الْمُعَبَّدُ۔ پختہ سڑک، جمع شوارِعُ، شُرُوْعٌ۔ العَمِیْقُ۔ گہرا، جمع عماقٌ۔ عَمَقٌ اَلْقُبَّۃُ۔ گنبد جمع قِبَابٌ وقُبَبٌ۔ الکَانُوْنُ۔ چولہا، جمع کَوَانِیْنُ۔ الرَّخِیْصُ۔ سستا جمع رخَائِصُ۔ الدَّرَّاجَۃُ البُخَارِیَّۃُ۔ موٹر سائیکل۔ جمع دَرَّاجَۃٌ دَرَارِیْجُ۔ الْکُبَابَۃُ۔ گلاس۔ الدُّکْتُوْرُ۔ ڈاکٹر، دُکَاتِرُ۔ اَلْعَاصِمَۃُ دارالسلطنت، راج دھانی جمع عواصِمُ۔ اَلْعَتِیْقُ پرانا جمع عُتُقٌ، عُتَقَاءُ اللّٰہُ رَبُّنَا۔ اللہ ہمارا رب ہے۔ کلمۂ جلالت مبتدا رَبُّنَا مرکب اضافی ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَسُوْلُنَا خَاتَمُ الاَنْبِیَاءِ۔ ہمارے رسول آخری نبی ہیں رسولُنا مرکب اضافی ہوکر مبتدا خَاتَمُ الاَنبِیاءِ مرکب اضافی ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْغُصْنُ یَتَحَرَّکُ۔ ڈالی ہلتی ہے۔ الغصن مبتدا یتحرّکُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

الرَّأسُ قَصِیْرٌ۔ سر چھوٹا ہے۔ الرَّاسُ مبتدا قصیر شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْبَحْرُ عَمِیْقٌ۔ سمندر گہرا ہے۔ اس کی ترکیب الرّاس قَصِیرٌ کے مثل ہے۔

اَلْفَرَسُ مَرْکُوبَۃٌ۔ گھوڑا سواری ہے۔ الفَرَسُ مبتدا مرکوبۃٌ اسم مفعول اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل راجع بسوئے مبتدا اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۔الفَرَسُ میں تذکیر وتانیث دونوں جائز ہے اس لئے اس کی خبر مرکُوبۃٌ لائی گئی ہے

ماھذہٖ۔ یہ کیا ہے۔ ما اسم استفہام مبتدا ھذہٖ میں ھا برائے تنبیہ ذہٖ اسم اشارہ خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

ھٰذہٖ دَرَّاجَۃٌ بُخَارِیَّۃٌ۔ یہ موٹر سائیکل ہے۔ ھا برائے تنبیہ ذہٖ اسم اشارہ ہے مبتدا دَرَّاجَۃٌ بُخَارِیَّۃٌ۔ مرکب وصفی ہو خبر مبتدا اپنی خبر سے جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلسَّمَاءُ فَوْقَ الْاَرْضِ۔ آسمان زمین کے اوپر ہے۔ السَّماءُ مبتدا فَوْقَ الْاَرْضِ مرکب اضافی ہوکر مفعول

مفعول فیہ ہوا موجودٌ شبہ فعل کے موجودٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فِی الدَّارِ رَجُلٌ۔ گھر میں مرد ہے۔ فی الدار مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثابتٌ شبہ فعل کے ثابتٌ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم رَجُلٌ مبتدائے مؤخر مبتدا اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ ظرفیہ خبریہ ہوا۔

فَوْقَنَا سَطْحٌ۔ ہمارے اوپر چھت ہے فَوْقَنَا مرکب اضافی ہو کر مفعول فیہ ہوا موجود کے شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر مقدم سَطْحٌ مبتدا مؤخر مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

دَارِیْ قَرِیْبَۃٌ۔ میرا گھر قریب ہے۔ دَارِیْ مرکب اضافی ہو کر مبتدا قریبۃ اسم فاعل شبہ فعل اس میں ہی کی پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ثَوْبُ الْحَرِیْرِ اَخْضَرُ۔ ریشمی کپڑا ہرا ہے۔ ثوب الحریر مرکب اضافی ہو کر مبتدا۔ اَخضر صفت مشبہ اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھٰذَا اللِّجَامُ حَسَنٌ۔ یہ لگام خوبصورت ہے ھذا اللجامُ۔ مرکب وصفی ہو کر مبتدا حَسَنٌ صفت مشبہ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشدہ اس کا فاعل صفت شبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَلْبِیْ مَحْزُوْنٌ۔ میرا دل رنجیدہ ہے۔ قلبی مرکب اضافی ہو کر مبتدا محزونٌ اسم مفعول اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تِلْكَ الْقُبَّۃُ خَضْرَاءُ۔ وہ گنبد ہرا ہے۔ تِلْكَ میں اسم اشارہ موصوف لام برائے بُعد کاف برائے خطاب اَلْقُبَّۃُ صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا خَضْرَاءُ صفت مشبہ مؤنث شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا بِیَدِكَ۔ تیرے ہاتھ میں کیا ہے۔ مَا اسم استفہام مبتدا با حرف جار ید مضاف ك ضمیر برائے خطاب مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہو کر مَوْجُوْدٌ کے مَوْجُوْدٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر

شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

بِیَدِیْ خَرِیْطَۃٌ۔ میرے ہاتھ میں ملکی نقشہ ہے۔ با حرف جار یَدِیْ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَوْجُوْدٌ کے مَوْجُوْدٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم خَرِیْطَۃٌ مبتدائے مؤخر مبتدا مؤخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَاتِبُ زَیْدٍ قَلِیْلٌ۔ زید کی تنخواہ کم ہے۔ راتبُ زیدٍ مرکب اضافی ہو کر مبتدا قلیلٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَنْ اَنْتَ۔ تو کون ہے من اسم استفہام مبتدا اَنْتَ ضمیر مرفوع منفصل خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

اَنَا زَیْدٌ میں زید ہوں۔ انا ضمیر مرفوع منفصل متکلم مبتدا زیدٌ خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْکِبْرِیْتُ رَخِیْصٌ۔ ماچس (دیا سلائی) سستی ہے۔ اس کی ترکیب البَصَرُ حَدِیْدٌ جیسی ہے۔

ھٰذَا الشَّارِعُ مُعَبَّدٌ۔ یہ سڑک پختہ ہے۔ ھذا الشَّارِعُ مرکب وصفی ہو کر مبتدا مُعَبَّدٌ اسم مفعول میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل سے مل کر شبہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَحْمُوْدٌ عَلَی الْوَضُوْءِ۔ محمود باوضو ہے۔ محمود مبتدا علی الوضوءِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثابت کے ثابت شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اسکا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل شبہ جملہ اسمیہ ہو کر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْکَانُوْنُ وَسِیْعٌ۔ چولہا چوڑا ہے۔ اس کی ترکیب الکبریتُ رَخِیْصٌ جیسی ہے۔

زَیْدٌ حَدِیْثُ الْاِسْلَامِ۔ زید نومسلم ہے۔ زیدٌ مبتدا حَدِیْثُ الاسلامِ مرکب اضافی ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَنْتَ دُکْتُوْرٌ۔ تو ڈاکٹر ہے۔ انتَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا دُکْتُوْرٌ خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْقِنْدِیْلُ غَالٍ۔ لالٹین مہنگی ہے۔ القِندِیْلُ مبتدا غَالٍ اسم فاعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّیْ حَدِیْثُ السِّنِّ۔ بیشک میں نوعمر ہوں۔ ان حرف مشبہ بالفعل یائے متکلم اسم حدیث السِّنِّ مرکب

بالفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔
اضافی ہوکر خبر اِنّ حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انتَ کی

اِیْتِ عَلیٰ الفَورِ ۔آتو نوراً۔اِیْتِ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل علی الفور مرکب ہوکر متعلق ہوا فعل مذکور کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

القِرْطَاسُ عَتِیْقٌ کاغذ پرانا ہے۔اس کی ترکیب الکانون وَسیع جیسی ہے۔

صَوْتُكَ شدِیْدٌ۔تیری آواز سخت ہے۔اس کی ترکیب راتِبُ زَیْدٍ قَبِیْلٌ جیسی ہے۔

ثَمَنُ الکُبَّابَةِ زَائد. گلاس کی قیمت زیادہ ہے۔ثَمَن الکبابۃِ مرکب اضافی ہوکر مبتدا زائِدٌ اسم فاعل اس میں ھـو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَدِی حَبِیبٌ ۔میرا لڑکا پیارا ہے ۔وَلدی مرکب اضافی ہوکر مبتدا حَبِیْبٌ صفت مشبہ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

السُکَّرُ حُلُوٌ۔شکر میٹھا ہے۔اس کی ترکیب الکِبْرِیْتُ رَخِیْصٌ جیسی ہے۔

یَآ یُّھَا النَّاسُ ۔اے لوگو۔یا حرف ندا قائم مقام ادعو کے ادعو فعل مضارع معروف اس میں انا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَیُّ موصوف ھا برائے تنبیہ النَّاسُ صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ منادیٰ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ منادیٰ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ندائیہ ہوا۔

اِجْتَنِبُوا الْکِذْبَ ۔تم جھوٹ سے بچو۔اجتنبوا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر متصل بارز فاعل الکذبَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اِنِّـی اَعْبُدُ اللّٰـهَ ۔بیشک میں عبادت کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کی۔اِنّ حرف مشبہ بالفعل یائے متکلم اسم اَعْبُدُ فعل مضارع معروف اس میں انـــا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل کلمۂ جلالت مفعول بہٖ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر اِنّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فُلَانٌ عَدِیْمُ الْحَیَاءِ۔فلان بے حیا ہے۔اس کی ترکیب زیدٌ حَدِیْثُ السِّنِّ جیسی ہے۔

ذٰالِكَ الـرَّجُلُ غَیْـرُ مُصَلٍّ. وہ مرد بے نمازی ہے۔ذٰالكَ اسم اشارہ موصوف الـرجل صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا غَیـر مصـلٍ مرکب اضافی ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بَـكَرٌ غَیْرُ راضٍ عَنِّیْ ۔مجھ سے بکر ناراض ہے۔بَكَرٌ مبتدا غَیْرُ مضاف راضٍ اسم فاعل اس میں ھـو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل عَـنْ حرف جار یائے متکلم مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا راضٍ کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر مضاف الیہ مضاف اپنے الیہ سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ

اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھـٰذَ عَـدِیْمُ الْفَهْمِ ۔یہ نا سمجھ ہے۔اس کی ترکیب کو فـلانٌ عَـدِیْمُ الحیاءِ کی ترکیب پر قیاس کرو۔

دِھْلِـیُ عَـاصِمَةُ الْهِنْدِ ۔دھلی ہندوستان کی راجدھانی ہے۔اس کی ترکیب فـلانٌ عـدیم الحیاء جیسی ہے۔

اِیْتِ بَـا لـدَّوَاةِ وَالْقَلَمِ ۔لا تو دوات اور قلم۔اِیْتِ فعل امر حاضر صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل باء حرف جار الـدَّواَةِ والْقَلَمِ مرکب عطفی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اردو میں ترجمہ کی مشق

ل (ضرور) برائے تاکید۔الِانـفَـاق ۔خرچ کرنا (باب افعال) الِاحسـانُ بھلائی کرنا (باب افعال) الِاسْتِغْفَـارُ۔معافی مانگنا (باب استفعال) الـرَّأفَةُ۔مہربان ہونا (ف،ک) الـرَّؤُفُ۔مہربان بروزن فَعُوْلٌ صفت مشبہ الْحَسْبُ کافی۔الذَّوْقُ۔چکھنا (باب ن) الْمَتَاعُ۔سامان۔جمع اَمْتِعَةٌ جج۔اَمَاتِعُ واَمَـاتِیْعُ ۔التَّـكْـلِیْمُ۔گفتگو کرنا (باب تفعیل کُـلٌّ ہر۔سب۔الْبَـطْـشُ۔پکڑ، گرفت۔(باب ض) الْغَفُوْرُ بخشنے والا۔صفت مشبہ، بروزن فعولٌ (باب ض) الِالٰهُ ۔معبود جمع اٰلِهَةٌ ۔النَّفْسُ جان

قرآن مجید کا ترجمہ اور اس کی ترکیب

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَاحِدٌ. تمہارا معبود ایک معبود ہے۔اِلٰهُكُمْ مرکب اضافی ہوکر مبتدا اِلٰهٌ وَاحِدٌ مرکب وصفی ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰـهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۔بیشک اللہ سنتا جانتا ہے۔اِنّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اسم سمیع صفت مشبہ اس میں ھـو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر اول عَلِیْمٌ صفت مشبہ اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر ثانی صفت مشبہ بالفعل اپنے اسم اور دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاَنْـفِـقُـوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۔اور تم اللہ کے راستے میں خرچ کرو۔واؤ مستانفہ انـفقوا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل فی حرف جار سَبِیْلِ اللّٰـهِ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰہ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۔ بے شک اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اس یُحِبُّ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَلْمُحْسِنِیْنَ مفعول بہٖ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاسْتَغْفِرُوْا اللّٰہ ۔ اور تم لوگ اللہ سے معافی مانگو۔ واؤ مستانفہ اِسْتَغْفِرُوْا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل کلمۂ جلالت مفعول بہٖ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰہ غَفُوْرٌ رَحِیْمٌ ۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اس جملے کی ترکیب اِنَّ اللّٰہ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ جیسی ہے۔

وَاللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ۔ اور اللہ بندوں پر مہربان ہے۔ واؤ حرف عطف کلمۂ جلالت مبتدا رَءُوْفٌ صفت مشبہ اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل با حرف جار العباد مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا رَءُوْفٌ کے صفت مشبہ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاللّٰہ یَعْلَمُ ۔ اور اللہ جانتا ہے۔ واؤ حرف عطف کلمۂ جلالت مبتدا یعلمُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاَنْتُمْ لَاتَعْلَمُوْنَ ۔ اور تم نہیں جانتے ہو۔ واؤ حرف عطف انتم ضمیر مرفوع منفصل مبتدا لَاتَعْلَمُوْنَ فعل مضارع منفی معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

حَسْبُنَا اللّٰہ ۔ ہمارا کافی اللہ ہے۔ حَسْبُنَا مرکب اضافی ہو کر مبتدا کلمۂ جلالت خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰہ وَرَسُوْلِہٖ ۔ پس ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول پر۔ فا حرف عطف اٰمِنُوْا فعل امر صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل با حرف جار کلمۂ جلالت معطوف علیہ واؤ حرف عطف رسولہٖ مرکب اضافی ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ ۔ دنیا کا سامان تھوڑا ہے۔ اس جملہ کی ترکیب حَسْبُنَا اللّٰہُ کی ترکیب پر قیاس کریں۔

وَکَلَّمَ اللّٰہُ مُوْسٰی تَکْلِیْمًا ۔ اللہ تعالیٰ نے کلام فرمانا موسیٰ (علیہ السلام) سے کلام

فرمانا واؤ حرف عطف کَلَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب کلمۂ جلالت فاعل مُوْسٰی مفعول بہٖ تَکْلِیْمًا مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول بہٖ اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُمْ رحیماً بیشک اللہ تم لوگوں پر مہرباں ہے۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اسم کَانَ فعل ناقص اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا اسم بِکُمْ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا رَحِیْمًا کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر کَانَ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی اِنَّ کی حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ ۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ واؤ حرف عطف کلمۂ جلالت مبتدا عَلِیْمٌ شبہ فعل اپنے مقدر ضمیر ھو سے مل کر خبر اول حَکِیْمٌ شبہ فعل اپنے مقدر ضمیر ھو سے مل کر خبر ثانی۔ مبتدا اپنی دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لائے نفی جنس

السَحَابُ ۔ بادل جمع سُحُبٌ۔ اَلْحَاجَۃُ ۔ ضرورت ۔ کام ۔ سوال ۔ جمع حِوَجٌ حاجاتٌ۔ حَوَائِجُ ۔ لَابُدَّ ۔ نہیں ہے چھٹکارا یعنی ضروری ہے۔ الّا گر حرف استثناء۔ ھٰھُنَا یہاں ۔ ھا برائے تنبیہ ھُنَا اسم اشارہ ہے۔

الْحَوْلُ ۔ قدرت ۔ جمع حُؤُوْلٌ و اَحْوالٌ۔ اَلْاِنْھِمَاكُ ۔ مشغول ہونا مصدر باب انفعال الْبِیْرُ ۔ کنواں جمع آبار و اَبْآر و بئَاء وَ اَبْوُرٌ۔ الفِراسۃُ ۔ سمجھ ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کر لینا ۔ باب ضرب

اللّٰہُ رَبِّیْ ۔ اللہ میرا رب ہے۔ کلمۂ جلالت مبتدا رَبِّیْ مرکب اضافی ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَاشَرِیْكَ لَہٗ ۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ لا لائے نفی جنس شَرِیْكَ اسم لَہٗ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَسُوْلُنَا نَبِیٌّ لَا نَظِیْرَ لَہٗ ۔ ہمارے رسول ایسے نبی ہیں ان کا کوئی نظیر نہیں۔ رَسُوْلُنَا مرکب اضافی ہو کر مبتدا نبیٌّ موصوف لَا لائے نفی جنس نَظِیْرَ اسم لَہٗ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَارَجُلَ فِیْ الدَّارِ ۔ نہیں ہے کوئی مرد گھر میں۔ لَاسَحَابَ فِی السَّمَاءِ ۔ نہیں ہے کچھ بادل

آسمان میں۔ان دونوں جملوں کی ترکیب لَا نَظِیْرَ لَہٗ کے ترکیب جیسی ہے۔

لَاکِتَابَ عِنْدَ زَیْدٍ۔زید کے پاس کوئی کتاب نہیں۔لَا لائے نفی جنس کِتَابَ اسم عِنْدَ زَیْدٍ مرکب اضافی ہو کر مفعول فیہ ہوا مَوْجُوْدٌ کے مَوْجُوْدٌ اسم مفعول شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَاحَاجَةَ لِیْ اِلَی الرُّوْبِیَةِ۔نہیں ہے کوئی ضرورت مجھے روپے کی لَا لائے نفی جنس حَاجَةَ اسم لِیْ مرکب جری ہو کر متعلق اول ہوا ثَابِتَةٌ کے اِلَی الرُّبِیَةِ مرکب جری ہو کر متعلق ثانی ہوا ثَابِتَةٌ کے ثَابِتَةٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَاعِلْمَ لَكَ اَصْلاً تجھے بالکل علم نہیں ہے لا لائے نفی جنس عِلْمَ اسم لَكَ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل ذوالحال اَصْلاً بتاویل مُتَاصِلاً شبہ فعل کے اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ نہیں ہے کوئی طاقت اور نہیں ہے کوئی قوت مگر اللہ کے لئے۔لَا لائے نفی جنس حَوْلَ اسم اِلَّا بِاللّٰہِ مقدر ہے اِلَّا حرف استثناء بِاللّٰہِ مستثنیٰ مفرغ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا موجودٌ کے موجودٌ اسم مفعول اس میں ھوا کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لَا لائے نفی جنس قُوَّةَ اسم اِلَّا حرف استثناء بِاللّٰہِ مستثنیٰ مفرغ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا موجود شبہ فعل اسم مفعول کے اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

لَابُدَّ لِلْقَسَمِ مِنَ الْجَوَابِ۔نہیں ہے چھٹکارا قسم کے لئے جواب قسم سے لَا لائے نفی جنس بُدَّ اسم لِلْقَسَمِ مرکب ہو کر متعلق اول ہوا ثَابِتٌ مقدر کے مِنَ الْجَوَابِ مرکب جری ہو کر متعلق ثانی ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَادَرَّاجَةَ عِنْدِیْ۔نہیں ہے کوئی سائیکل میرے پاس۔اس کی ترکیب لَا کِتَابَ عِنْدَ زَیْدٍ جیسی ہے۔

لَا حَاجَةَ لِزَیْدٍ اِلَی الْقِرَاْۃِ۔نہیں ہے کوئی ضرورت زید کو پڑھنے کی۔اس کی ترکیب لَا حَاجَةَ اِلَی الرُّوْبِیَةِ جیسی ہے۔

لَا بُدَّ لَكَ مِنَ الْاَكْلِ۔نہیں ہے چھٹکارا کھانے سے۔اس کی ترکیب کو لَابُدَّ لِلْقَسَمِ مِنَ الْجَوَابِ کی ترکیب پر قیاس کریں۔

بَكْرٌ لَا فِرَاسَةَ لَہٗ۔بکر کو کچھ سمجھ نہیں۔بَكْرٌ مبتدا لَا لائے نفی جنس فِرَاسَةَ اسم لام حرف جارہ ضمیر مجرور متصل مجرور راجع بسوئے بَكْرٌ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثَابِتَةٌ کے ثَابِتَةٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا بُدَّ لِلْمُسْلِمِیْنَ مِنَ الصَّوْمِ۔نہیں ہے چھٹکارا مسلمانوں کو روزہ سے اس جملہ کی ترکیب لَابُدَّ للقسمِ من الجوابِ جیسی ہے۔

لَابُدَّ لِلْمُتَعَلِّمِیْنَ مِنَ الْاِنْهِمَاكِ بِالْكُتُبِ ضروری ہے طالب علموں کو کتابوں کے ساتھ مشغول ہونا۔لا لائے نفی جنس لِلْمُتَعَلِّمِیْنَ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا مصدر کے اپنے متعلق سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثَابِتٌ مقدر کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا بُدَّ لَكَ مِنَ الذِّهَابِ اِلَی السُّوْقِ۔تجھے بازار جانا ہوگا۔اس کی ترکیب ماقبل جیسی ہے۔

لَنَا حَاجَةٌ اِلَیْكَ۔ہمیں تم سے کچھ کام ہے۔لَنَا مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثَابِتَةٌ کے اِلَیْكَ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا مذکور کے ثَابِتَةٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر خبر مقدم حَاجَةٌ مبتدائے مؤخر مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَاشَیْئَ هٰهُنَا۔نہیں ہے کوئی چیز یہاں۔لا لائے نفی جنس شَیْئَ اسم هٰهُنَا مفعول فیہ ہوا موجود شبہ فعل کا موجودٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا مَاءَ فِی الْبِئْرِ۔کنویں میں کچھ پانی نہیں ہے۔اس کی ترکیب لَاشَرِیْكَ لَہٗ جیسی ہے۔

لَا مَرْكُوْبَ عِنْدَنَا۔ہمارے پاس کوئی سواری نہیں ہے۔لَا عَدَاوَةَ بَیْنَهُمْ۔ان کے درمیان کوئی دشمنی نہیں ہے۔ان دونوں جملوں کی ترکیب لَاكِتَابَ عِنْدَ زَیْدٍ جیسی ہے۔

الجمل القرآنیّة

اَلرَّیْبُ۔شک کرنا۔مصدر باب ضرب۔اَلْاِكْرَاهُ جبر، زبردستی۔مصدر باب افعال۔اَلتَّثْرِیْبُ ملامت مصدر باب تفعیل۔اَلْجُنَاحُ۔گناہ (گناہ کا معرب) اَلْقَوْلُ الْمَعْرُوْفُ اچھی بات۔اَلْقَوْلُ مصدر باب نصر اَلْمَعْرُوْفُ اسم مفعول اس کا مصدر اَلْعِرْفَانُ باب ضرب پہچاننا جاننا اَلْخَلَاقُ۔حصہ۔

اَلْمَحْوُ - مٹانا - مصدر باب نَصَرَ - اَلاِحقاق - ثابت کرنا - مصدر باب افعال۔ اَلْکَلِمَاتُ - باتوں واحد الکلمۃ۔ اَلْحُجَّۃُ جھگڑا - اَلاِهْلَاكُ - ہلاک کرنا باب افعال - اَلمولی - مددگار جمع - موالِی۔

ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَارَيْبَ فِيْهِ - اس کتاب میں کوئی شک نہیں۔ ذٰلِكَ اسم اشارہ موصوف الکتابُ صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا لا لائے نفی جنس رَيْبَ اسم فیہ مرکب جری ہور کر متعلق ہوا ثابت کے ثابتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَااِكْرَاهَ فِى الدِّيْنَ - دین میں کوئی جبر نہیں ہے۔ لَا لائے نفی جنس اِكْرَاهَ اسم فِى الدِّيْنِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثابتٌ کے ثابتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فلَاجُنَاحَ عَلَيْهِ - اس کی ترکیب کو ماقبل پر قیاس کریں۔

لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ - آج تم پر کوئی ملامت نہیں ہے۔ لَا لائے نفی جنس تثْرِيْبَ مصدر عَلَيْكُمْ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا مصدر کے مصدر اپنے متعلق سے مل کر اسم الیوم مفعول فیہ ہوا ثابتٌ کا ثابتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ - داؤد (علیہ السلام) نے جالوت کو قتل کیا قتلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب داؤد فاعل جالُوتَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر ہوا۔

وَقُوْلُوْلَهُمْ قَوْلًا مَعْرُوْفاً - تم لوگوں سے اچھی بات کہو۔ واؤ حرف عطف قُوْلُوْا فعل امر حاضر صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل لَهُمْ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے قَوْلًا مَعْرُوفاً مرکب وصفی ہو کر مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ - ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ لَا لائے نفی جنس حجَّةَ اسم بَيْنَنَا مرکب اضافی ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف بَيْنَكُمْ مرکب اضافی ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مفعول فیہ ہوا ثابتۃٌ کے ثابتۃٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے ملکر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الْكَافِرِيْنَ لَا مَوْلىٰ لَهُمْ - بیشک کافروں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔ ان حرف مشبہ بالفعل الکافرین اسم لَا لائے نفی جنس مولیٰ اسم لَهُمْ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثابتٌ کے ثابتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی لائے نفی جنس کی لائے نفی جنس اسم و خبر سے مل کر خبر ہوئی حرف مشبہ بالفعل کی حرف مشبہ فعل اپنے اسم وخبر سے جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَيَمْحُوا اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهٖ - اللہ جل شانہ جھوٹ کو مٹاتا ہے اور حق کو اپنی باتوں سے ثابت کرتا ہے۔ واؤ حرف عطف يَمْحُو فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب کلمۂ جلالت فاعل الباطِلَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل سے اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف يُحِقُّ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشدہ اس کا فاعل الْحَقَّ مفعول بہ باء حرف جار كَلِمَاتِهٖ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر معطوفہ ہوا۔

اَهْلَكْنَا هُمْ فَلَا نَا صِرَلَهُمْ - ہم نے ان کو ہلاک کر دیا پس ان کا کوئی مددگار نہیں ہے۔ اَهْلَكْنَا فعل ماضی معروف صیغہ متکلم مع الغیر اس میں نا ضمیر مرفوع متصل فاعل هُمْ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ فاء حرف عطف لَا لائے نفی جنس ناَصِرَ اسم لَهُمْ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثابتٌ کے ثابتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ اللّٰه - اور اللہ تعالیٰ کی باتوں کو کوئی تبدیل کرنے والا نہیں ہے۔ واؤ حرف عطف لَا لائے نفی جنس مُبَدِّلَ اسم لام حرف جار کلماتِ اللہ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثابتٌ کے ثابتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ - ان لوگوں کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے۔ اُولٰٓئِكَ اسم اشارہ مبتدا لا لائے نفی جنس خَلَاقَ اسم لَهُمْ مرکب جری ہو کر متعلق اول ہوا ثابتٌ کے فِى الْاٰخِرَةِ مرکب جری ہو کر ثانی ہوا ثابتٌ مذکور کے ثابتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ - بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اسم مع الصّٰبِرِيْنَ مرکب اضافی ہو کر مفعول فیہ ہوا ثابتٌ کے ثابتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مع اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوگا۔ (البشیر الکامل صفہ ۱۷)

وَاعْلَمُوْ آ اَنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۔اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جانتا ہے۔واؤ حرف عطف اِعْلَمُوْا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذ حاضر کر اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل اَنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمۂ جلالت اسم با حرف جار کُلِّ شَیْءٍ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق مقدم ہوا عَلِیْمٌ کے علیمٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر اَنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر بتاویل مفرد مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

مبدل منہ اور بدل کا بیان

سَیِّدُ الْاَ نبیاءِ نبیوں کے سردار۔سَیِّدٌ واحد جمع اسیادٌ۔ سائدۃٌ وسیائہ۔ الْاَنْبِیَاءُ۔نبیوں جمع۔النَّبِیُّ واو النَّبِیٌّ ۔ اللہ تعالیٰ کے الہام سے غیب کی باتیں بتانے والا۔ابُوْكَ۔ تیرا باپ اَبٌ اسمائے ستہ مکرہ موحدہ میں سے ہے وہ یائے متکلم کے غیر کی طرف مضاف ہوتا ہے تو اس کا اعراب حالت رفعی میں واؤ اور حالت نصبی میں الف۔اور حالت جری میں یاء کے ساتھ آتا ہے۔اَبٌ جمع اَباء وَاَبُوْ نَ النشرُ ۔پھیلانا مصدر باب ضرب۔نصر۔التَّصْنِیْفُ ۔کوئی کتاب تیار کرنا۔لکھنا مصدر باب تفعیل۔العَمُّ۔چچا جمع عُمُوْمَةٌ۔ اَعْمَامٌ۔ الحَاجّ ۔مقامات مقدسہ کی زیارت کرنے والا۔اسم جمع حُجّاجٌ ۔القَافِلَةُ۔ قافلٌ ۔کا مؤنث۔کارواں۔سفر سے لوٹنے والے رفقاء یا سفر شروع کرنے والے پر بھی تفاؤلاً قافلہ کا لفظ بولا جاتا ہے اَرْدَیَا رٌ دُ تَارِیْدًا اردو بنانا۔

الصَلوۃُ عَلیٰ سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ مُحَمَّدٍ (ﷺ) درود نازل ہو نبیوں کے سردار محمد ﷺ پر الصَّلوٰۃُ مبتدا علی حرف جار سید الانبیاء مرکب اضافی ہو کر مبدل منہ اسم رسالت بدل مبدل منہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا نَازِلَةٌ کے نَازِلَةٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

صَلّٰی اللّٰہ تَعَالی علیہ وسَلَّمُ ۔اللہ تعالیٰ کا درود و سلام ہو ان پر یعنی سرکار پر۔صلی فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب کلمۂ جلالت ذوالحال تعالیٰ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر فاعل علیٰ حرف جارہ مجرور راجع بسوئے اسم رسالت یعنی محمد ﷺ جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا صلّٰی فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف سلَّمَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

اَبُوْكَ زَیْدٌ زَعِیْمٌ ۔تیرا باپ زید لیڈر ہے۔ابوكَ مرکب اضافی ہو کر مبدل منہ زَیْدٌ بدل مبدل اپنے بدل سے مل کر مبتدا زَعِیْمٌ خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

الصَّلوۃ کی نسبت جب اللہ رب العالمین کی طرف ہوگی تو رحمت اور بندوں کی طرف دعاء ملائکہ کی جانب استغفار ہوگی (مصباح اللغات صفہ ۸۴۷)

عَمُّكَ خالِدٌ یَشْرَبُ الشَّایَ ۔تیرا چچا خالد چائے پیتا ہے۔عمُّكَ مرکب اضافی ہو کر مبدل منہ

خالدٌ بدل مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مبتدا یشرَبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل الشّایَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مِنْ لَاھَوْر ۔لاہور سے من لاھور مرکب جری ہوکر متعلق ہوا جاءَتْ فعل مقدر کے جاءَتْ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اُکْتُبِ الْعُنْوَانَ عَلَی الغِلَافِ ثُمَّ اَلْقِہٖ فی صندوقِ الْبَرِیْدِ ۔لفافہ پر پتہ لکھ تو پھر اس کو لیٹر بکس میں ڈال تو ۔اُکْتُبْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل العنوان مفعول بہ علی الغِلَافِ مرکب جری ہوکر متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف علیہ ثُمَّ حرف عطف اَلْقِ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل ہٖ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فِی حرف جار صندوقِ الْبَرِیْدِ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر جملہ معطوفہ ہوا۔

یَاوَلَدُ ۔اے لڑکا ۔اس کی ترکیب ماقبل میں گزر چکی ہے۔

اِذْھَبْ اِلٰی مَکْتَبَۃِ الْبَرِیْدِ ۔پوسٹ آفس جا تو اِذْھَبْ فعل امر حاضر صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی

ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اِلٰی حرف جار مَکْتبۃ البرید مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

وَاِیْتِ بِالبَرِیْدِ ۔اور ڈاک لا تو ۔واؤ حرف عطف ایْتِ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل بالبَرِید مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

مَنِ السَّاعِیْ ۔پوسٹ مین کون ہے ۔اس کی ترکیب من اَنْتَ جیسی ہے۔

اَنَا حَاضِرٌ ۔میں حاضر ہوں ۔اس کی ترکیب اَنَا زَیْدٌ جیسی ہے۔

لِمَ تُبْطِأُ بِتَوْزِیْعِ الْمَکَاتِیْبِ ۔خطوط کے تقسیم کرنے میں کیونکہ تاخیر کرتا ہے تو ۔لِمَ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا تُبطِأُ کے تُبْطِأ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل با حرف جا توزیع المکَاتِیْبُ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

سَیِّدِی ۔جناب عالی ۔اس کی ترکیب گزر چکی ہے۔

اُعْفُ عَنِّیْ ۔مجھے معاف کر تو ۔اس کی ترکیب اِیْتِ عَلَی الْفَوْرِ جیسی ہے۔

لَا اُبْطِأُ بَعْدَ الاٰنَ ۔اس کے بعد تاخیر نہیں کروں گا میں ۔لا اُبْطِأُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل بعد الاٰن مرکب اضافی ہوکر مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَرْسَلَ نَاظِمُ الْمَدْرَسَۃِ اِلَیَّ تِسْعِیْنَ رُوْبِیَّۃً بِالتحویل علی البَرِیْدِ ۔ناظم مدرسہ نے میرے پاس نوے روپے بذریعہ منی آرڈر بھیجے اَرْسَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نَاظِم المدرسۃِ مرکب اضافی ہوکر فاعل اِلَیَّ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے تسعین روبیّۃً مرکب تمیزی ہوکر مفعول بہ با حرف جار التَّحویل مصدر علی البریدِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا مصدر کے مصدر اپنے متعلق سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل متعلق ثانی فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَخْبَرَنَا زَیْدٌ بِالتَّلْغِرَافِ ۔زید نے ہم کو تار کے ذریعہ خبر کیا ۔اَخْبَرَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ زَیْدٌ فاعل بالتَّلْغِرَافِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلْزِقِ الطُّوَابِعَ بِالْغِلَافِ ۔لفافہ پر ٹکٹوں کو چپاں کر تو ۔اس کی ترکیب اُکْتُبِ الْعُنْوَانَ عَلَی الغلافِ جیسی ہے۔

کتنی ہے۔ کم اسم استفہام مبتدا اجرۃ البطا

کَمْ اُجْرَۃُ البِطَا قَتَیْنِ۔ دو پوسٹ کارڈ کی قیمت کتنی ہے۔ کم اسم استفہام مبتدا اجرۃ البطا قتین مرکب اضافی ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

عِشْرُوْنَ فَلْسًا۔ بیس پیسے۔ عشرون فلسا مرکب تمیزی ہوکر خبر ہوئی مبتدا محذوف اُجْرَتُهُمَا کی اجرتھما مرکب اضافی ہوکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

یَا اَخِیْ اے میرے بھائی۔ اس کی ترکیب یا سیِّدی جیسی ہے۔

اِسْئَلْ مُدِیْرَ البَرِیْدِ عن اجرۃِ الغلافِ پوسٹ ماسٹر سے لفافہ کی قیمت کے بارے میں پوچھ تو۔ اس کی ترکیب القه فی صندوق البرید جیسی ہے علاوہ اس کے اس میں مفعول بہ مرکب اضافی ہے۔

اَلْبَرِیْدُ الجوی یجیٔ کلَّ یَومٍ مِنَ العَرَبِ الی الهندِ۔ ہوائی ڈاک روزآنہ عرب سے ہندوستان آتی ہے۔ البَرِیْدُ الجویُّ مرکب وصفی ہوکر مبتدا یجیٔ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل کل یوم مرکب اضافی ہوکر مفعول فیہ من العَرَبِ مرکب جری ہوکر متعلق اول ہوا فعل کا اِلَی الهِنْدِ مرکب جری ہوکر متعلق ثانی فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَاهٰذَا۔ یہ کیا ہے۔ اس کی ترکیب ماھذہ جیسی ہے۔ سیِّدیُ عالی جناب اس کی ترکیب گزر چکی ہے۔

هٰذا هَاتِف یہ ٹیلی فون ہے۔ ھذا اسم اشارہ مبتدا ھاتِف خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا یُقَالُ لَہٗ بِالاردِیَّۃ۔ اس کو اردو میں کیا کہا جاتا ہے۔ ما اسم استفہام مبتدا یُقَالُ فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل لَہٗ مرکب جری ہوکر متعلق اول ہوا فعل کے بالاُرْدِیَّۃِ مرکب ہوکر متعلق ثانی ہوا فعل کے فعل اپنے نائب فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

یُقَالُ لَہٗ بِالاُرْدِیَّۃِ (ٹیلیفون) اس کو اردو میں ٹیلیفون کہا جاتا ہے یُقَالُ فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مذکر غائب لَہٗ مرکب جری ہوکر متعلق اول ہوا فعل کے بالاردیَّۃِ مرکب جری ہوکر متعلق ثانی ہوا فعل کے ٹیلیفون نائب فاعل فعل مضارع مجہول اپنے نائب فاعل اور دونوں متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اُرِیْدُ اَنْ اَتَکَلَّمَ اَخِیْ فِیْ بَمْبَئی بِالْهَاتِفِ۔ میں چاہتا ہوں یہ کہ بات کروں اپنے بھائی سے جو بمبئی میں ہے ٹیلیفون سے۔ اُرِیْدُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس فاعل اَنْ ناصبہ اَتَکَلَّمَ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَخِیْ مرکب اضافی ہوکر موصوف فِیْ بَمبَئی مرکب جری ہوکر متعلق ہوا الثَّابت کے الثَّابت شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر

پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مفرد مفعول بہ فعل اپنے فاعل ور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَتَاذَنُ لِیْ۔ کیا مجھے اجازت دیتے ہیں۔ اَ ہمزہ استفہام تَاذَنُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس فاعل لِیْ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

نَعَمْ لٰکِنْ لَا بُدَّ لَکَ مِنْ اَدَاءِ الْاُجْرَۃِ عَلَیْہِ۔ ہاں لیکن تجھے اس کی اجرت اس پر ادا کرنا ضروری ہے۔ نَعَمْ حرف ایجاب لٰکِنْ استدراک لا ئے نفی جنس بُدَّ اسم لَکَ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل مِنْ حرف جار اَدَاءِ مصدر مضاف الْاُجْرَۃِ مضاف الیہ علیہ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا اَدَاءِ مصدر کے مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ثانی ہوا ثَابِتٌ کے شبہ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر خبر لا ئے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

کَمْ نَمْرَۃُ هَاتِفِکَ۔ تیرے ٹیلیفون کا نمبر کتنا ہے۔ کَمْ اسم استفہام مبتدا نَمْرَۃُ مضاف هَاتِفِ مضاف الیہ مضاف کاف ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ اپنے مضاف سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

نَمْرَتُہٗ مِائَتَانِ وَثَلٰثَۃُ اٰلَافٍ۔ اس کا نمبر ۳۲۰۰ (تین ہزار دو سو) ہے نَمْرَتُہٗ مرکب اضافی ہوکر مبتدا مِائَتَانِ معطوف علیہ واؤ حرف عطف ثَلٰثَۃِ اٰلَافٍ مرکب اضافی ہوکر معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَکْتَبَۃُ الْبَرِیْدِ الْعَامَّۃُ لِدَائِرَتِنَا فِیْ لَکْنَؤ۔ ہمارے حلقہ کا جنرل پوسٹ آفس لکھنؤ میں ہے۔ مَکْتَبَۃُ الْبَرِیْدِ مرکب اضافی ہوکر موصوف الْعَامَّۃُ صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر موصوف لام حرف جار دائرتِنَا مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا الثَّابِتَۃُ کے الثَّابِتَۃُ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا فی لَکْنَؤ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا موجُودَۃٌ کے موجودَۃٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تَصِلُ الْاَخْبَارُ اِلَی النَّاسِ بِالْمِذْیَاعِ عَلَی الْاَعْجَلِ۔ خبریں لوگوں تک ریڈیو کے ذریعہ جلدی پہونچتی ہیں تَصِلُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب الْاَخْبَارُ فاعل اِلَی النَّاسِ مرکب جری ہوکر متعلق اول ہوا فعل کا بالمذیاعُ مرکب جری ہوکر متعلق ثانی علی الاعْجَل مرکب جری ہوکر متعلق ثالث فعل اپنے

فاعل اور تینوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔
مَـا اَحْسَنَ هٰـذَا الْـوَرْدَ الْاَحْمَرَ ۔ کیسا اچھا ہے یہ لال گلاب ۔ مَـا اسم استفہام مبتدا اَحْسَنَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُـوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل ھٰـذَا اسم اشارہ موصوف الْـوَرْدُ الْاَحْـمَرَ مرکب وصفی ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبا مرفوع محلًا مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔
فَـاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَیْدِیَكُمْ ۔ پس دھو تم اپنے چہروں اور ہاتھوں کو فا حرف عطف اِغْسِلُوْا فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل وُجُـوْهَـكُـمْ مرکب اضافی ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف اَیْـدِیَكُمْ مرکب اضافی ہو کر معطوف معطوف اپنے معطوف سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

روزمرہ کے الفاظ مستعملہ

اَلْـكَوْنُ ہونا ۔ مصدر باب (ن) وَاِلَّا ۔ ورنہ ۔ وَاِنْ ۔ اگر فَـقَـطُّ صرف ۔ فا برائے فصیحہ ۔ قطُّ اسم فعل بمعنی اِنْتَهِمْ ۔ اَلـدَّبِیْبُ ۔ رینگنا ۔ مصدر (ن) اَلْاَسْـفَـارُ ۔ واحد اَلسِّفْرُ ۔ بڑی کتاب ۔ شُـكْـرًا لَكَ ۔ آپ کا شکریہ ۔ بِـفَضْلِكَ ۔ برائے کرم اَلطَّـرَّارُ ۔ جیب تراش ۔ اَلْاِتِّـخَاذُ ۔ بنانا ۔ بنا دینا ۔ مصدر باب افتعال اِنَّمَا ۔ محض ، صرف اَمَّا ۔ رہا ۔ اِذًا ۔ اس لئے ۔ هَا ۔ ارے ۔ تنبیہ لئے ہے ۔ اَیُّ کون ۔ هٰذَا نَبْغِیْ ۔ ہم یہی چاہتے ہیں هٰـذَا اسم اشارہ مفعول بہ مقدم نَبْغِیْ فعل مضارع معروف اس میں صیغہ واحد متکلم مع الغیر اس میں نَحْنُ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔
عَنْ بَكْرٍ رَضِیْتُ ۔ میں بکر ہی سے راضی ہوا عَـنْ بَكْرٍ مرکب جری ہو کر متعلق مقدم رَضِیْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مضموم فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔
اَكْرِمْ زَیْدًا لِكَوْنِهٖ عَالِمًا ۔ زید کی تعظیم کرو اس کے عالم ہونے کی وجہ سے ۔ اَكْرِمْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل زَیْدًا مفعول بہ لام حرف جار كَوْنِ مصدر مضاف ہ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ عَـالِمًا خبر فعل اپنے فاعل سے مل کر مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور خبر سے ملکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا اَكْرِمْ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔
یَاَیُّهَا النَّاسُ اے لوگو! اس کی ترکیب گزر چکی ہے۔

اِجْتَـنِبُـوْا ذٰلِكَ الـرَّجُـلَ لِـكَـوْنِـهٖ طَـرَّارًا ۔ اس مرد سے پرہیز کرو تم اس لئے کہ وہ جیب تراش ہے ۔ اِجْتَنِبُوْا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل ذٰلِكَ الرَّجُلَ مرکب وصفی ہو کر مفعول بہ لام حرف جار كَـوْنِ مصدر مضاف ہ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ طَـرَّارًا خبر مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور خبر سے مل مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔
یَا وَلَدُ ۔ اے لڑکا ۔ اس کی ترکیب گزر چکی ہے۔
اَعْرِضْ عَنْ عَمْرٍو ۔ عمرو سے روگردانی کرو ۔ اس کی ترکیب اُدْعُ بِالْعُلَمَاءِ جیسی ہے۔
اِنَّهُوَ جَاهِلٌ ۔ اس لئے کہ وہ جاہل ہے ۔ اِذْ تعلیلیہ هُوَ مبتدا جَاهِلٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔
لَا تَـقْرَبُـوْا الـزِّنٰی لِاَنَّهٗ فَاحِشَةٌ ۔ تم زنا کے قریب مت جاؤ اس لئے کہ وہ گناہ ہے ۔ لَا تَـقْرَبُوْا فعل نہی حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل الـزِّنٰـی مفعول بہ لام حرف جار اَنَّ حرف شبہ بالفعل ہ ضمیر منصوب متصل اسم فَـاحِشَةٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر خبر اِنَّ حرش مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مجرور جا اپنے مجرر سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا لام حرف جار اَنَّ حرف مشبہ بالفعل ہ ضمیر منصوب متصل اسم حَـرَامٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا ہوا شُرْب مصدر کے مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔
بَكْرٌ تَـابَ عَنْ شُرْبِ الْخَمْرِ لِاَنَّهٗ حَرَامٌ ۔ بکر نے شراب پینے سے توبہ کیا اس لئے کہ وہ حرام ہے بَكْرٌ مبتدا تَابَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل عَنْ حرف جار شُرْبِ ن مصدر مضاف الْـخَمْرِ مضاف الیہ اَنَّ حرش مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مجرور جا اپنے مجرر سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا
اِنَّـكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ اِلٰهًا ۔ بیشک تم لوگوں اپنی جانوں پر ظلم بچھڑے کو معبود بنانے کے سبب سے کیا ۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل كُمْ ضمیر منصوب متصل اسم ظَلَمْتُمْ فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں تُمْ ضمیر بارز متصل فاعل اَنْـفُسَكُمْ مرکب اضافی ہو کر مفعول بہ بـا حرف جار اِتِّـخَـاذِ مصدر مضاف

کُمْ ضمیر مجرور متصل مضاف اپنے مضاف الیہ العجل مفعول بہ اول الھا مفعول بہ ثانی مصدر مضاف اپنے
مضاف الیہ اور دونوں مفعول بہ سے ملکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا ظَلَمْتُمْ کے فعل اپنے فاعل
اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبری ہوا۔

زَیْدٌ لَمْ یَغْتَسِلْ لِکَوْنِہٖ مَرِیْضاً۔ زید نے غسل نہیں کیا اس لئے کہ وہ بیمار ہے۔ زَیْدٌ مبتدا لَمْ یَغْتَسِلْ فعل
نفی جحد بلم در فعل مستقبل معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل لام حرف جار
کَوْنِ مصدر مضاف ہٖ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مَرِیْضاً خبر مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور خبر سے مل کر
مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی
خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا تَقْرَبِ الْمَیْسِرَ لِاَنَّہٗ اِثْمٌ۔ جوا کے قریب مت جا تو اسلئے کہ گناہ ہے۔ لَاتَقْرَبْ فعل نہی حاضر معروف اس
میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل المیسر مفعول بہ لام حرف جار اَنَّ کی حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر منصوب
متصل اسم اِثْمٌ خبر حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل
اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

حَالَمَا وَصَلْتُ الْمَحَطَّۃَ اَخَذَ الْقِطَارُ فِی الدَّبِیْبِ۔ جونہی میں اسٹیشن پہونچا گاڑی رینگنے
لگی۔ حَالَ مضاف مَا مصدریہ وَصَلْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مضموم فاعل
اَلْمَحَطَّۃَ مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد مضاف الیہ اپنے
مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ مقدم اَخَذَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلْقِطَارُ فاعل فی
الدَّبِیْبِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق اور مفعول فیہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ
ہوا۔

اِنْ اَقَمْتَ الصَّلٰوۃَ فَطَیِّبٌ وَاِلَّا اُعَاقِبُکَ۔ اگر نماز قائم کرے گا تو ٹھیک ہے ورنہ سزا دوں گا میں تجھ کو۔ اَنْ
حرف شرط اَقَمْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز فاعل الصَّلٰوۃَ مفعول بہ فعل اپنے
فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فا جزائیہ ھُوَ مبتدا محذوف طَیِّبٌ شبہ فعل اس میں ھُوَ کی
ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ
ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

واؤ حرف عطف اِلَّا حرف استثناء اُعَاقِبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا
فاعل کاف ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَاتُکْرِمْ اَحَدًا مِنْ اَھْلِ الْبِدْعَۃِ وَاِنْ کَانَ عَالِمًا۔ مت تعظیم کر تو کسی بدعتی کی اگرچہ وہ عالم
ہو۔ لَاتُکْرِمْ فعل نہی حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل

اَحَدًا موصوف مِنْ حرف جار اَھْلِ الْبِدْعَۃِ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق
ہوا ثَابِتًا کے ثَابِتًا شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ
جملہ اسمیہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ
انشائیہ ہوا۔

واؤ حرف عطف اِن شرط کَانَ فعل ناقص اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس اسم کا عَالِمًا شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر
پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ
خبریہ ہو کر شرط ہوئی جزائے محذوف فَلَاتُکْرِمْہُ کی فا جزائیہ لَاتُکْرِمْ فعل نہی حاضر معروف صیغہ واحد مذکر
حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر
جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

اِنْ ھُوَ اِلَّا مَثَلُ حِمَارٍ یَحْمِلُ اَسْفَارًا۔ نہیں ہے وہ مگر ایسے گدھے کے مثل جو کتابیں لادے
ہے۔ اِنْ نافیہ ھو مبتدا اِلَّا حرف استثناء لغو مَثَلُ مضاف حِمَارٍ موصوف یَحْمِلُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد
مذکر غائب اس میں ھُو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَسْفَارًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ
فعلیہ خبریہ ہو کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر
سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَاضَرَبْتُ اِلَّا زَیْدًا۔ میں نے زید ہی کو مارا۔ مَاضَرَبْتُ فعل ماضی منفی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں
تُ ضمیر بارز مضموم فاعل اِلَّا حرف استثناء لغو زَیْدًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ
خبریہ ہوا۔

اِذْھَبْ اِلَی الْمَدْرَسَۃِ فَقَطْ۔ تو صرف مدرسہ جا۔ اِذْھَبْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں
اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اِلَی الْمَدْرَسَۃِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق
سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

فَا فصیحہ قَطْ اسم فعل بمعنی اِنْتَہِ اِنْتَہِ فعل امر حاضر معروف اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے
فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزا ہوئی اِذْھَبْتَ اِلَی الْمَدْرَسَۃِ۔ اذا کلمہ ظرف متضمن بمعنی شرط مفعول
فیہ مقدم ذَھَبْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تُ کی ضمیر بارز مفتوح فاعل اِلَی الْمَدْرَسَۃِ
مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل مفعول فیہ مقدم اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط، شرط
اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

مَاخَلَقَ اللّٰہُ الْاِنْسَ وَالْجِنَّ اِلَّا لِلْعِبَادَۃِ لَہٗ۔ اللہ تعالیٰ نے انسان اور جنات کو اپنے عبادت ہی کے
لئے پیدا کیا۔ مَاخَلَقَ فعل ماضی منفی معروف صیغہ واحد مذکر غائب کلمہ جلالت فاعل الْاِنْسَ معطوف علیہ واؤ

مفعول سے مل کر مفعول بہ لام حرف جار العِبَادَۃِ مصدر
حرف عطف الجن معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل
لہ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا مصدر کے مصدر اپنے متعلق سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل
کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔
اَللّٰھُمَّ۔ اے اللہ م قائم مقام حرف ندا یا قائم مقام اَدْعُوْ کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس
میں انا ضمیر پوشیدہ یا اس کا فاعل کلمہ جلالت مفعول بہ منادیٰ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ منادیٰ سے مل کر جملہ
فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ ہم تجھی کو پوجیں اور تجھ ہی سے مدد مانگیں۔ ان دونوں جملوں کی ترکیب ھذا
نَبْغِیْ کی طرح ہے۔

بَعْضُ الْحُرُوْفِ یَجُرُّ الْاِسْمَ فَقَطْ۔ بعض حروف اسم کو صرف جر دیتے ہیں۔ بَعْضُ الْحُرُوْفِ مرکب
جری ہو کر مبتدا یَجُرُّ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل
الْاِسْمَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبر ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ
ہوا۔

فَانْتَبِہْ فَقَطْ اسم فعل بمعنی اِنْتَہِ اِنْتَہِ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ
اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزا ہوئی اِذْ جَرَرْتَ بِھَا الْاِسْمَ کی اذا کلمہ حرف
حصر بمعنی مفعول فیہ مقدم جَرَرْتَ فعل با فاعل بِھَا مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے الاسم مفعول بہ
فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط شرط اپنی جزا سے مل کر
جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

اِیَّانَا دَعَوْتَ۔ تو نے ہمیں ہی بلایا۔ اِیَّانَا مفعول بہ مقدم دَعَوْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس
میں تائے مفتوح ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ھٰذَا الْیَتِیْمَ نَصَرْنَا۔ ہم نے اس یتیم ہی کی مدد کی۔ ھذا الیتیم مرکب وصفی ہو کر مفعول بہ مقدم نَصَرْنَا فعل
ماضی معروف صیغہ متکلم مع الغیر اس میں نا ضمیر بارز مرفوع متصل فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر
جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

کَانَ لِلْمَلِکِ وَلَدَانِ۔ ایک بادشاہ کے دو لڑکے تھے۔ کَانَ فعل ناقص لِلْمَلِکِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا
ثَابِتَیْنِ کے ثَابِتَیْنِ شبہ فعل اس میں ھُمَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے خبر مقدم
وَلَدَانِ اسم مؤخر فعل ناقص اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَمَّا الْوَلَدُ الْاَکْبَرُ فَاَخَذَ الْعِلْمَ مِنَ الْعُلَمَاءِ فَصَارَ عَالِمًا۔ رہا بڑا لڑکا تو اس نے علم حاصل کیا علماء سے تو
عالم ہو گیا۔ اَمَّا حرف شرط الولد الاکبر مرکب وصفی ہو کر مبتدا فا جزائیہ اَخَذَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر

غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل العِلْمَ مفعول بہ مِنَ الْعُلَمَاءِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل
کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ فا حرف عطف صار فعل
ناقص اس میں ھُوَ کی پوشیدہ اس کا فاعل سے مل کر خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر
معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاَمَّا الْوَلَدُ الثَّانِیْ فَاَعْرَضَ عَنِ الْعِلْمِ وَمَالَ اِلٰی جَمْعِ الرُّوْبِیَّاتِ وَصَارَ ثَرِیًّا۔ اور دوسرا لڑکا
تو اس نے علم سے روگردانی کیا اور روپے کے جمع کرنے کی جانب مائل ہوا اور سیٹھ ہو گیا۔

واؤ حرف عطف الولدان الثانی مرکب وصفی ہو کر مبتدا فا جزائیہ اَعْرَضَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر
غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل عَنِ الْعِلْمِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل
اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف مَالَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر
غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اِلٰی حرف جار جمع الرُّوبِیَّاتِ مرکب اضافی ہو کر مجرور اپنے
مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَالَ فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف اول واؤ
حرف عطف صار فعل ناقص اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا اسم ثَرِیًّا خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر
جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ
اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِقْضِ۔ فیصلہ کر تو۔ اِقْضِ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل
فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اَیُّھُمَا خَیْرٌ۔ ان دونوں میں کا کون بہتر ہے اَیُّھُمَا مرکب اضافی ہو کر مبتدا خَیْرٌ شبہ فعل اس میں ھو ضمیر
پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ
ہوا۔

یَا سَیِّدِیْ۔ اے میرے آقا۔ اس کی ترکیب ماقبل میں گزر چکی ہے۔

اُرِیْدُ اَنْ اَقْرَأَ عَلَیْکَ عِدَّۃً مِنَ الْکُتُبِ النَّحْوِیَّۃِ۔ میں آپ سے چند نحوی کتابیں پڑھنا چاہتا
ہوں۔ اُرِیْدُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَنْ ناصبہ اَقْرَأَ فعل
مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل عَلَیْکَ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا اَقْرَأَ
کے عِدَّۃً موصوف مِن حرف جار اَلْکُتُبُ النَّحْوِیَّۃِ مرکب وصفی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا
ثَابِتَۃً کے ثَابِتَۃً شبہ اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت
موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر
بتاویل مفرد مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَیُّھَاالْوَلَدُ الْعَزِیْزُ ۔اے پیارے لڑکے۔اَیُّ موصوف ھَا برائے تنبیہ اَلْوَلَدُالْعَزِیْزُ مرکب وصفی ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ منادیٰ ہوا یَا کا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اپنے فاعل اور مفعول بہ منادیٰ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اِقْرَأْ عَلٰی اَیِّ کُتُبٍ شِئْتَ ۔پڑھ تو میرے پاس جو کتاب چاہے۔اِقْرَأْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل عَلٰی مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے اَیِّ مضاف کُتُبٍ موصوف شِئْتَ فعل ماضی اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع متصل مفتوح فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبر ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

شُکْرًا لِفَضْلِكَ ۔آپ کے مہربانی کا شکریہ۔شکرًا مصدر لام حرف جار فَضْلِكَ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مصدر کے مصدر اپنے متعلق سے مل کر مفعول مطلق ہوا شَکَرْتُ فعل محذوف کا شَکَرْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع متصل مضموم فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اَرِنِیْ لِفَضْلِكَ الشَّارِعَ الَّذِیْ یَذْھَبُ اِلَی الْمَحَطَّۃِ ۔برائے کرم مجھے دکھا تو وہ سڑک جو جائے اسٹیشن تک۔اَرِ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل نون وقایہ یائے متکلم مفعول بہ اول لام حرف جار فَضْلِكَ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے اَلشَّارِعَ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول یَذْھَبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اِلَی الْمَحَطَّۃِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا یَذْھَبُ کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

ھَا ھُوَذَا ۔ارے وہ یہ ہے۔ھَا حرف تخصیص ھو مبتدا ذا خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ھَلَّا تُصَلِّیْ مَعَ اَنَّكَ عَاقِلٌ بَالِغٌ ۔کیوں نہیں نماز پڑھتا ہے تو باوجود اس کے کہ تو عاقل بالغ ہے۔ھَلَّا حرف تخصیص تُصَلِّیْ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل مع مضاف اَنَّ حرف مشبہ بالفعل كَ ضمیر منصوب متصل اسم عَاقِلٌ شبہ فعل اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر خبر اول بَالِغٌ شبہ فعل اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر خبر ثانی اَنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف سے مل کر مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّیْ مُتَاَسِّفٌ جِدًّا ۔بیشک مجھے بہت افسوس ہے۔اِنَّ حرف مشبہ بالفعل یائے متکلم اسم مُتَاَسِّفٌ اسم فاعل اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر خبر اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

جِدًّا۔ مفعول مطلق ہوا جَدَدْتُ فعل محذوف کا جَدَدْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع مضموم فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

زَیْدٌ ذَھَبَ رَاجِلًا مَعَ اَنَّ عِنْدَہٗ دَرَّاجَۃً ۔ زید پیدل گیا باوجود اس کے کہ اس کے پاس سائکل ہے۔زَیْدٌ مبتدا ذَھَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ ذوالحال رَاجِلًا حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل مَعَ مضاف اَنَّ حرف مشبہ بالفعل عِنْدَہٗ مرکب اضافی ہوکر مفعول فیہ ہوا مَوْجُوْدَۃٌ کا مَوْجُوْدَۃٌ اسم مفعول اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب اور مفعول فیہ سے مل کر خبر مقدم دَرَّاجَۃً اسم موخر اَنَّ اپنے اسم موخر اور خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ ہوکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عَمْرٌو اَخَذَ فِی الْقَوْلِ لِیْ ۔ عمرو مجھ سے کہنے لگا، عَمْرٌو مبتدا اَخَذَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فِیْ حرف جار اَلْقَوْلِ مصدر مجرور لِیْ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا مصدر کے مصدر اپنے متعلق سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا اَسْتَطِیْعُ اَنْ اَصُوْمَ ۔ نہیں طاقت رکھتا ہوں میں یہ کہ روزہ رکھوں، لَا اَسْتَطِیْعُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَنْ ناصبہ اَصُوْمَ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مفرد مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وُلِدَ اَخُو الْفَاطِمَۃِ مُحَمَّدٌ خَمْسًا وَّعِشْرِیْنَ لَیْلَۃً مِنْ جُمَادَی الْاُوْلٰی سَنَۃَ ثَمَانٍ وَسَبْعِیْنَ وَثَلٰثِ مِائَۃٍ وَّ اَلْفٍ مِنَ الْھِجْرِیَّۃِ ۔فاطمہ کا بھائی محمد پچیس جمادی الاولی کی شب ۱۳۷۸ھ میں پیدا ہوا، وُلِدَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اَخُو الْفَاطِمَۃِ مرکب اضافی ہوکر مبدل منہ مُحَمَّدٌ بدل مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر نائب فاعل خَمْسًا وَّعِشْرِیْنَ مرکب عطفی ہوکر ممیز لَیْلَۃً تمیز ممیز اپنی تمیز سے مل کر موصوف مِنْ حرف جار جُمَادَی الْاُوْلٰی مرکب وصفی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثَابِتًا کے ثَابِتًا شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول فیہ اول، سَنَۃَ مضاف ثَمَانٍ وَسَبْعِیْنَ مرکب عطفی ہوکر معطوف علیہ

واوحرف عطف ثَلَثِمِائَةٍ مرکب اضافی ہوکر معطوف اول واوحرف عطف اَلْفٍ معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر موصوف مِنَ الْهِجْرِيَّةِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا اَلثَّابِتَةِ کے اَلثَّابِتَةِ شبہ فعل اس میں هِيَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول فیہ ثانی فعل ماضی مجہول اپنے نائب فاعل اور دونوں مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلْجُزْءُ الثَّانِيْ مِنْ فَيْضِ الْاَدَبِ اِنَّمَا صُنِّفَ بِهٰذَا الْعَامِ، فیض الادب کا دوسرا حصہ اسی سال تیار کیا گیا، اَلْجُزْءُ الثَّانِيْ مرکب وصفی ہوکر موصوف مِنْ حرف جار فَيْضِ الْاَدَبِ مرکب اضافی ہوکر مجرور اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا اَلثَّابِتُ کے اَلثَّابِتُ شبہ فعل اس میں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، اِنَّمَا برائے حصر صُنِّفَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل بَا حرف جار هٰذَا الْعَامِ مرکب وصفی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل ماضی مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مفرد خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هٰذَا الْكِتَابُ رُتِّبَ بِسَنَةِ تِسْعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَّتِسْعِ مِائَةٍ وَاَلْفٍ مِنَ الْعِيْسَوِيَّةِ، یہ کتاب ترتیب دی گئی ۱۹۵۹ء میں۔ هٰذَا الْكِتَابُ مرکب وصفی ہوکر مبتدا رُتِّبَ فعل ماضی مجہول صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل بَا حرف جار سَنَةِ مضاف تِسْعٍ وَخَمْسِيْنَ مرکب عطفی ہوکر معطوف علیہ واوحرف عطف تِسْعِ مِائَةٍ مرکب اضافی ہوکر معطوف اول واوحرف عطف اَلْفٍ معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف مِنَ الْعِيْسَوِيَّةِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا اَلثَّابِتَةِ کے اَلثَّابِتَةِ شبہ فعل اس میں هِيَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل ماضی مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَوْكَانَ لِيْ مَالٌ لَاَنْفَقْتُ عَلَيْكَ. اگر میرے پاس مال ہوتا تو میں ضرور خرچ کرتا تم پر، لَوْ حرف شرط كَانَ فعل ناقص لِيْ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتًا کے ثَابِتًا شبہ فعل اس میں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر مقدم مَالٌ اسم مؤخر فعل ناقص اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط لام مفتوحہ برائے تاکید اَنْفَقْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مرفوع متصل مضموم فاعل عَلَيْكَ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

بَكْرٌ لَايُزَكِّيْ مَعَ كَوْنِهٖ صَاحِبَ الْمَالِ، بکر زکاۃ نہیں ادا کرتا ہے باوجود اس کے کہ وہ مالدار ہے۔
بَكْرٌ مبتدا لَايُزَكِّيْ فعل مضارع منفی صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل مَعَ مضاف كَوْنِ مصدر مضاف ہٖ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ صَاحِبَ الْمَالِ مرکب اضافی ہوکر خبر مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور خبر سے مل کر مضاف الیہ ہوا مَعَ کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّمَا قَرَأَ زَيْدٌ، صرف زید نے پڑھا، اِنَّمَا برائے حصر قَرَأَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَيْدٌ فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّمَا عَمْرٌو كَتَبَ، صرف لکھا عمرو نے، اِنَّمَا برائے حصر عَمْرٌو مبتدا كَتَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

السيارة والقطار (موٹر اور ٹرین)

اَلسَّائِقُ - ڈرائیور، سَائِقٌ اسم فاعل از باب (ن) مصدر سَوْقٌ جمع سُوَّاقٌ۔ اَلْبِتْرُوْلُ - پٹرول - قِطَارُ الْبَضَائِعِ - مال گاڑی جمع قُطُرٌ وقُطُرَات واحد بِضَاعَةٌ۔ اَلْقِطَارُ الْبَرِيْدِيُّ - میل گاڑی - اَلْعَتَّالُ - قلی - باربردار - اَلْعَرَبَةُ - گاڑی - اَلْعَرَبَجِيُّ۔ گاڑیبان - مَكْتَبَةُ التَّذْكِرَةِ - ٹکٹ گھر - قِطَارُ الرُّكَّابِ - پسنجر ٹرین - مَوْقِفُ السَّيَّارَةِ - بس اسٹیشن -

يَا اَخَانَا - اے ہمارے بھائی - اس کی ترکیب یا سَيِّدِيْ جیسی ہے۔

سِرْ مَعَنَا اِلٰى مَوْقِفِ السَّيَّارَةِ - چل تو ہمارے ساتھ بس اسٹیشن تک - سِرْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل مَعَنَا مرکب اضافی ہوکر مفعول فیہ اِلٰى حرف جار مَوْقِفُ السَّيَّارَةِ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

مَنْ هٰذَا الرَّجُلُ؟ یہ کون مرد ہے؟ مَنْ اسم استفہام مبتدا هٰذَا الرَّجُل مرکب وصفی ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

هٰذَا سَائِقُ السَّيَّارَةِ - یہ موٹر ڈرائیور ہے - هٰذَا مبتدا سَائِقُ السَّيَّارَةِ مرکب اضافی ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِسْمُهٗ عَبْدُ الْكَرِيْمِ - اس کا نام عبدالکریم ہے - اسمہٗ مرکب اضافی ہوکر مبتدا عبد الکریم خبر مبتدا اپنی خبر

سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

هُوَ مِنَ الَّذِيْنَ يَسُوْقُوْنَ السَّيَّارَةَ بِسُرْعَةِ السَّيْرِ ۔ یہ ان لوگوں میں سے ہے جو موٹر کو تیزی سے چلاتے ہیں۔ هو مبتدا من حرف جار الَّذِيْنَ اسم موصول يَسُوْقُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل السَّيَّارَةَ مفعول بہ با حرف جار سُرْعَةِ السَّيْرِ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں هو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

زَيْدٌ اِفْتَتَحَ سَوْقَ السَّيَّارَةِ ۔ زید نے موٹر اسٹارٹ کیا۔ زَيْدٌ مبتدا اِفْتَتَحَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر اس میں هو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل سَوْقَ السَّيَّارَةِ مرکب اضافی ہو کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر خبر مبتدا اپنے خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

بِمَ تَسِيْرُ السَّيَّاةُ ۔ موٹر کس سے چلتا ہے۔ بِمَ مرکب جری ہو کر متعلق مقدم تَسِيْرُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب السَّيَّارَةُ فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

وَمَا هُوَ وہ کیا ہے۔ اس کی ترکیب من اَنْتَ جیسی ہے۔

هُوَ ذَيْتٌ مِنْ زَيْتِ الغَارِ ۔ وہ مٹی کے تیل کی ایک قسم ہے۔ اس کی ترکیب هٰذا رَحْمَةٌ مِنْ رَّبِّيْ کے ترکیب پر قیاس کریں۔ عَلٰى اَىِّ شَارِعٍ تَسِيْرُ السَّيَّارَةُ بِالسُّرْعَةِ ۔ کس سڑک پر موٹر تیزی سے چلتا ہے۔ عَلٰى حرف جار اَىِّ شَارِعٍ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق مقدم ہوا تَسِيْرُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب السَّيَّارَةُ فاعل بِالسُّرْعَةِ مرکب جری ہو کر ثانی ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

عَلَى الشَّارِعِ المُعَبَّدِ ۔ پختہ سڑک پر۔ علی حرف جار الشَّارِعِ المُعَبَّدِ مرکب وصفی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا تَسِيْرُ فعل محذوف کے تَسِيْرُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اس میں هی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّىْ اُسَافِرُ مِنْ كَانْفُوْرَ اِلٰى لَكْنَوْ بِالسَّيَّارَةِ بِالدَّوَامِ ۔ بیشک میں ہمیشہ سفر کرتا ہوں کانپور سے لکھنؤ تک موٹر سے۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل یائے متکلم اسم اُسَافِرُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل مِن كَانْفُوْر مرکب جری ہو کر متعلق اول اِلٰى لكنو مرکب جری ہو کر متعلق ثانی بِالسَّيَّارَةِ مرکب جری ہو کر متعلق ثالث بِالدَّوَامِ مرکب جری ہو کر متعلق رابع فعل اپنے فاعل اور چاروں متعلق سے مل کر خبر اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مَا هٰذِهٖ ۔ یہ کیا ہے۔ مَا اسم استفہام مبتدا هٰذِهٖ خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

هٰذِهٖ سِكَّةٌ حَدِيْدِيَّةٌ ۔ یہ ریلوے لائن ہے اس کی ترکیب هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ بُخَارِيَّةٌ جیسی ہے۔

وَعَلَيْهَا يَسِيْرُ القِطَار ۔ اور اسی پر گاڑی چلتی ہے۔ اس کی بِمَ تَسِيْرُ السَّيَّارَةُ پر قیاس کریں۔

هَا اُنْظُرْ يَجِئُ الْقِطَارُ مُطِيْرًا بِالدُّخَانِ ۔ ارے دیکھو گاڑی دھواں اڑاتے ہوئے آرہی ہے۔ ھا برائے تنبیہ اُنْظُرْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا يَجِئُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب القِطَارُ ذوالحال مُطِيْرًا اسم فاعل اس میں هو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل بِالدُّخَانِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا مُطِيْرًا کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَهٰذَا هُوَ الَّذِىْ يُسَمِّيْهِ الْعَوَامُ "ریل گاڑی" ۔ کیا یہ وہی ہے جس کو عوام ریل گاڑی کہتے ہیں۔ اَ ہمزہ استفہام هٰذا مبتدائے اول هو مبتدائے ثانی اَلَّذِىْ اسم موصول يُسَمِّيْ فعل مضارع معروف ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اول الْعَوَامُ فاعل ریل گاڑی مفعول ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدائے ثانی کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدائے اول کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

نَعَمْ ۔ ہاں ۔ حرف ایجاب۔

اَهٰذا قِطَارُ الرُّكَّابِ ۔ کیا یہ پسنجر ٹرین ہے۔ اَ ہمزہ استفہام هٰذا مبتدا قِطَارُ الرُّكَّابِ مرکب اضافی ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

لَا بَلْ هُوَ قِطَارُ الْبَضَائِعِ ۔ نہیں بلکہ مال گاڑی ہے۔ لَا حرف نفی بَلْ حرف عطف هو مبتدا قِطَارُ الْبَضَائِعِ مرکب اضافی ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَيُّهَا الْعَرَبْجِىُّ ۔ اے گاڑیبان ۔ اس کی ترکیب يَا اَيُّهَا النَّاسُ جیسی ہے۔ علاوہ اس کے کہ اس میں یا حرف ندا محذوف ہے۔

سُقِ الْعَرَبَةَ وَاَوْصِلْنَا اِلَى الْمَحَطَّةِ عَلَى الْفَوْرِ جِدًّا ۔ گاڑی چلا اور ہم کو پہونچا اسٹیشن بہت جلدی۔ سُقْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَلْعَرَبَةَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف اَوْصِلْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل نا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اِلَى الْمَحَطَّةِ مرکب جری ہو کر متعلق اول عَلَى الْفَوْرِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثانی فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ

فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی پوشیدہ
ہوا جِدًّا مفعول مطلق ہوا جَدَّ محذوف کا جَدَّ
اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لِاَنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ اَذْهَبَ بِالْقِطَارِ الْبَرِیْدِیْ ۔اس لئے کہ میں میل ٹرین سے جانا چاہتا ہوں۔لام حرف جار اَنَّ حرف مشبہ بالفعل اُرِیْدُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَنْ ناصبہ اَذْهَبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل باء حرف جار القطار الْبَرِیْدِیْ مرکب وصفی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا اَذْهَبَ فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فلیعہ خبریہ ہوکر بتاویل مفرد مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر ہوکر خبر اَنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا اَوْصِلْنَا فعل محذوف کے اَوْصِلْنَا میں اَوْصِلْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل نَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اَلْوَقْتُ قَدْ بَقِیَ قَلِیْلًا ۔کم وقت باقی ہے۔الوقتُ مبتدا قَدْ برائے تحقیق بَقِیَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشدہ اس کا فاعل قَلِیْلًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر ہو۔

وَهُوَ لَا یَقُوْمُ هٰذِهِ الْمَحَطَّةَ اِلَّا اَمَدًا یَسِیْرًا ۔وہ اس اسٹیشن پر نہیں ٹھہرتی ہے مگر تھوڑی دیر۔واؤ حرف عطف هُوَ مبتدا یَقُوْمُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل هٰذِهِ الْمَحَطَّةَ مرکب وصفی ہوکر ہوکر مفعول فیہ اول اِلَّا حرف استثناء اَمَدًا یَسِیْرًا مرکب وصفی ہوکر مفعو فیہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول فیہ سے مل کر کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَاتَضْطَرِبْ یَا سَیِّدِیْ حضور مت پریشان ہوں۔ان دونوں جملوں جیسی ترکیب ماقبل میں گزر چکی ہے۔

فِیْ اِتْیَانِهٖ بُطُوْءٌ ۔اس کے آنے میں دیر ہے۔فِیْ حرف جار اِتْیَانِهٖ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملک متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثابتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر مقدم بُطُوْءٌ مبتدائے مؤخر مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لِمَ ۔کیوں۔لِمَ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا اَضْطَرِبُ فعل محذوف کے اَضْطَرِبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

لِاَنَّهُ الْیَوْمَ مُتَاَخِّرٌ عَنِ الْوَقْتِ ۔اس لئے کہ وہ آج وقت سے لیٹ ہے۔لام برائے سبیت اِنَّ حرف مشبہ بالفعل هٗ ضمیر منصوب متصل اسم اَلْیَوْمَ مفعول ہوا مُتَاَخِّرٌ کا مُتَاَخِّرٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل عَنِ الْوَقْتِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا مُتَاَخِّرٌ کے شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول مقدم اور متعلق سے مل کر خبر اَنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔

مَتٰی یَصِلُ هٰهُنَا ۔کب آئے گی یہاں۔مَتٰی اسم استفہام فیہ مقدم یَصِلُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں هُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل هٰهُنَا مفعول فیہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

یَصِلُ السَّاعَةَ الثَّامِنَةَ ۔وہ آئے گی آٹھ بجے۔یَصِلُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل الثَّامِنَةَ مرکب وصفی ہوکر مفعول فیہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَدْتَمَّ السَّاعَةَ خَمْسٌ وَّخَمْسُوْنَ دَقِیْقَةً فَوْقَ السَّاعَةِ السَّابِعَةِ ۔سات بجکر پچپن منٹ ہو گئے۔قَدْ برائے تحقیق تَمَّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب السَّاعَةَ مفعول فیہ خَمْسٌ وَّخَمْسُوْنَ مرکب عطفی ہوکر ممیز دَقِیْقَةً تمیز ممیز اپنی تمیز سے مل کر موصوف فَوْقَ مضاف السَّاعَةِ السَّابِعَةِ مرکب وصفی ہوکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف سے مل کر مفعول فیہ ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَیُّهَا الْعَتَّالُ ۔اے قلی۔اس کی ترکیب اَیُّهَا الْعَرَبْجِیُّ جیسی ہے۔

اِسْتَوْدِعِ الْعَفْشَ فِیْ دَاخِلِ الْقِطَارِ ۔سامان ٹرین میں رکھو۔اِسْتَوْدِعْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل الْعَفْشَ مفعول بہ فِیْ حرف جار دَاخِلِ الْقِطَارِ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اَیْنَ مَکْتَبَةُ التَّذْکِرَةِ ۔ٹکٹ گھر کہاں ہے۔اَیْنَ اسم استفہام مفعول فیہ ہوا مَوْجُوْدٌ محذوف شبہ فعل کا مَوْجُوْدٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر مقدم مَکْتَبَةُ التَّذْکِرَةِ مرکب اضافی ہوکر مبتدائے مؤخر مبتدائے مؤخر اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشاء ہوا۔

اَمَامَكَ ۔تیرے سامنے۔اَمَامَكَ مرکب اضافی ہوکر مفعول فیہ ہوا۔مَوْجُوْدٌ کا مَوْجُوْدٌ شبہ فعل اس میں ھو ضمیر پوشیدہ نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مَکْتَبَةُ التَّذْکِرَةِ۔کی مَکْتَبَةُ التَّذْکِرَةِ مرکب اضافی ہوکر مبتدا مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَعْطِنَا تَذْکِرَةَ الدَّرَجَةِ الْاُوْلٰی اِلٰی بَمْبَئِیْ ۔ہمیں فرسٹ کلاس کا ٹکٹ بمبئی کا دیجئے۔اَعْطِنَا۔میں اَعْطِ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل نَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اول تَذْکِرَةَ مضاف الدَّرَجَةِ الْاُوْلٰی مرکب وصفی ہوکر مضاف الیہ مضاف اپنے

الْكَافِيَةُ شبہ فعل اس میں ... مرکب جری ہوکر متعلق ہوا الْكَافِيَةُ کے
مضاف الیہ سے مل کر موصوف الی ہَنْتَهِیْ ... مرکب جری ہوکر متعلق ہوا اَلْكَافِيَةُ کے
ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول
بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

کم الْاُجْرَةُ۔ کتنا کرایہ ہے۔ اس کی ترکیب مَا ھُوَ کی طرح ہے۔

عِشْرُوْنَ رُوْبِيَّةً۔ بیس روپے۔ عِشْرُوْنَ رُوْبِيَّةً مرکب تمیزی ہوکر خبر ہوئی اَلْاُجْرَةُ مبتدا محذوف کی
مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

دُلَّنِيْ بِفَضْلِكَ عَلٰى اُجْرَةِ الدَّرَجَةِ الثَّالِثَةِ۔ برائے کرم مجھے تھرڈ کلاس کے ٹکٹ سے آگاہ
کیجئے۔ دُلَّنِيْ میں دُلَّ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل نون
وقایہ یائے متکلم مفعول بہ با حرف جار فَضْلِكَ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق اول ہوا
فعل کا عَلٰى حرف جار اُجْرَةِ مضاف الدَّرَجَةِ الثَّالِثَةِ مرکب وصفی ہوکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ
سے مل کر مجرور سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ثانی ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور
دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

سَبْعُ رُوْبِيَّاتٍ۔ سات روپے سَبْعُ رُوْبِيَّاتٍ مرکب اضافی ہوکر خبر ہوئی اُجْرَتُهَا کی اُجْرَتُهَا مرکب اضافی
ہوکر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْقَاطِرَةُ تَصِيْرُ تُصَفِّرُ انجن سیٹی دینے لگا۔ اَلْقَاطِرَةُ مبتدا تَصِيْرُ فعل ناقص اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ
اس کا اسم تُصَفِّرُ فعل مضارع معروف صیغہ مؤنث غائب اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے
فاعل سے مل کر خبر ہوئی تَصِيْرُ کی فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل
کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قِطَارُ الرُّكَّابِ يَسِيْرُ ثَلٰثِيْنَ مِيْلًا فِيْ سَاعَةٍ۔ پسنجر ٹرین ایک گھنٹہ میں تیس میل جاتی ہے۔ قِطَارُ
الرُّكَّابِ مرکب اضافی ہوکر مبتدا يَسِيْرُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ
اس کا فاعل ثَلٰثِيْنَ مِيْلًا مرکب تمیزی ہوکر مفعول فیہ فِيْ سَاعَةٍ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے فعل
اپنے فاعل اور مفعول فیہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

كَمْ اُجْرَةً تَاْخُذُ عَلَى الْاَطْفَالِ۔ کتنا کرایہ بچوں کا لیتے ہو۔ كَمْ اُجْرَةً مرکب تمیزی ہوکر مبتدا تَاْخُذُ فعل
مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل عَلَى الْاَطْفَالِ مرکب جری
ہوکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ
انشائیہ ہوا۔

تُوْخَذُ عَلَيْهِمْ اُجْرَةٌ كَامِلَةٌ اِنْ كَانَ سِنُّهُمْ اَرْبَعَ عَشَرَةَ سَنَةً۔ ان پر پورا کا کرایہ لیا جاتا ہے اگر ان کی

عمر چودہ سال کی ہو۔

تُوْخَذُ فعل مضارع مجہول صیغہ واحد مؤنث غائب عَلَيْهِمْ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے اُجْرَةٌ
كَامِلَةٌ مرکب وصفی ہوکر نائب فاعل فعل مضارع مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو
کر جزائے مقدم اِنْ حرف شرط كَانَ فعل ناقص سِنُّهُمْ مرکب اضافی ہوکر اسم اَرْبَعَ عَشَرَةَ مرکب بنائی ہوکر
ممیز سَنَةً تمیز ممیز تمیز سے ملکر خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط ہوئی۔ شرط موخر
اپنی جزائے مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

لَا يَخْرُجُ عَنِ الْعُهْدَةِ مَنْ اَدّٰى صَلَاةَ الْفَرْضِ فِي الْقِطَارِ الْجَارِيْ۔ ذمہ سے بری نہیں ہوگا جس
نے فرض نماز چلتی ٹرین میں ادا کی۔ لَا يَخْرُجُ فعل مضارع منفی معروف صیغہ واحد مذکر غائب عَنِ
الْعُهْدَةِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے مَنْ اسم موصول اَدّٰى فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس
میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل صَلَاةَ الْفَرْضِ مرکب اضافی ہوکر مفعول بہ فِيْ حرف جار الْقِطَارِ
الْجَارِيْ مرکب وصفی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا اَدّٰى فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور
متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل
کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِعْلَمْ اَنَّ السَّيَّارَةَ وَالْقِطَارَ وَالطَّيَّارَةَ هِيَ الْمَرَاكِيْبُ الَّتِيْ قَدْ اَخْبَرَ اللّٰهُ عَنْهَا قَبْلَ حُدُوْثِهَا
جِدًّا۔ تم جان لو کہ موٹر، ٹرین اور ہوائی جہاز وہ سواریاں ہیں جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اس کے پیدا
ہونے سے بہت پہلے خبر دے دی ہے۔ اِعْلَمْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر
پوشیدہ اس کا فاعل اَنَّ حرف مشبہ بالفعل السَّيَّارَةَ معطوف علیہ واؤ حرف اَلْقِطَارَ معطوف اول واؤ حرف
عطف الطَّيَّارَةَ معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر اسم اَنَّ هِيَ مبتدا الْمَرَاكِيْبُ
موصوف الَّتِيْ اسم موصول قَدْ برائے تحقیق اَخْبَرَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب کلمۂ جلالت فاعل
عَنْهَا مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے قَبْلَ مضاف حُدُوْثِ مضاف الیہ مضاف هَا ضمیر مجرور متصل مضاف
الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا قَبْلَ مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر
مفعول فیہ بقیہ ترکیب بعد میں ہے آنے والے جملے سے اس کا تعلق ہے۔

كَمَا جَاءَ فِي الْقُرْآنِ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا زِيْنَةً وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۔
جیسا کہ قرآن مجید میں آیا ہے۔ اور گھوڑے اور خچر اور گدھے کو (پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے) تا کہ سوار ہو تم لوگ اس
پر زینت کے لئے۔ اور وہ پیدا کرے گا جس کو تم نہیں جانتے ہو۔ کاف حرف جار الْقُرْآن مجرور جار اپنے مجرور
سے مل کر متعلق ہوا فعل کے واؤ عطف الْخَيْلَ معطوف علیہ واؤ حرف عطف الْبِغَالَ معطوف اول واؤ حرف
عطف الْحَمِيْرَ معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے ملکر مفعول بہ ہوا۔ خَلَقَ فعل محذوف کا

فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل لام حرف جار اَنْ ناصبہ
خَلَقَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب ... ھا ضمیر منصوب متصل
محذوف تَرْكَبُوْا فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز فاعل ھا ضمیر منصوب متصل
مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر بتاویل مفرد مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے
زِيْنَةً مفعول لہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول لہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ
حرف عطف يَخْلُقُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل مَا اسم
موصول لَا تعلمونَ فعل مضارع منفی معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واؤ ضمیر بارز اس کا فاعل ہ ضمیر منصوب
محذوف مفعول بہ راجع بسوئے اسم موصول فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم
موصول اپنے صلہ سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف
سے ملکر فاعل ہوا حـــــاء کا فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا
اِخْبَـارًا مصدر محذوف کے اِخْبَلاً مصدر اپنے متعلق سے مل کر مفعول مطلق ہوا اَخْبَـرَ کا فعل اپنے فاعل
مفعول فیہ اور مفعول مطلق اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت
موصوف اپنے صفت سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی اَنَّ کی حرف مشبہ بالفعل
اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ
انشائیہ ہوا۔

النَّاسُ مُحْتَاجُوْنَ اِلٰی هٰذِهِ الْمَرَاكِيْبِ فِی الْعَصْرِ الْحَاضِرِ ۔ لوگ موجودہ زمانے میں ان سواریوں
کے ضرورت مند ہیں۔ النَّاسُ مبتدا مُحْتَاجُوْنَ شبہ فعل اس میں ھُمْ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل الی حرف جار
هٰذِهِ الْمَرَاكِيْب مرکب وصفی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق اول ہوا شبہ فعل کے فی حرف جار
الْعَصْرِ الْحَاضِرِ مرکب وصفی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا شبہ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق
سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمة الاروية بالعربيه

ایک حکایت کا ترجمہ مع ترکیب

اَلْاِبْرَازُ۔ ظاہر کرنا۔ مصدر باب افعال۔ اَلْاِصْبَعُ۔ انگلی جمع اصَابِعُ۔ الصُّرَاخُ۔ چیخنا
چلانا۔ مصدر۔ النُّزُوْلُ۔ اترنا۔ اَلْاِسْرَاعُ۔ جلدی کرنا۔ مصدر باب افعال۔ اَلْاِطْلَال۔ جھانکنا۔ مصدر
باب افعال۔ الشُّبَّاكُ۔ جھروکا۔ کھڑکی۔ الْهَرْبُ۔ بھاگنا۔ التَّنَاوُلُ۔ لینا مصدر باب۔ تفاعل۔
اَلْاَلَمُ۔ درد۔ رأیٰ۔ دیکھا۔ فعل ماضی معروف۔ العَاوِیْ۔ بھونکنے والا۔ النَّائِمُ۔ سویا ہوا۔ النِّدَاءُ۔ پکارنا۔

الْمَدُّ۔ پھیلانا۔ الْقِطْعَةُ۔ ٹکڑا۔ اَلْيَدُ۔ ہاتھ۔ الْفَقِيْرُ۔ غریب۔ الطَّرِيْقُ۔ راستہ۔ الْاِعْطَاءُ۔ دینا۔

كَانَ وَلَدٌ فَقِيْرٌ جَالِسًا فِی الطَّرِيْقِ وَهُوَ يَاكُلُ خُبْزًا ۔ ایک غریب لڑکا راستہ میں روٹی کھا رہا تھا۔
كَانَ فعل ناقص وَلَدٌ فَقِيْرٌ مرکب اضافی ہو کر ذوالحال واؤ حالیہ هُوَ مبتدا يَاكُلُ فعل مضارع معروف صیغہ
واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل خُبْزًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر
جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر اسم
جَالِسًا شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فِی الطَّرِيْقِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا جَالِسًا کے
شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَرَأٰى كَلْبًا نَائِمًا عَلٰی بُعْدٍ ۔ تو اس نے ایک سویا ہوا کتا دوری پر دیکھا۔ فا حرف عطف برائے تعقیب
رَأٰى فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل كَلْبًا نَائِمًا مرکب وصفی
ہو کر مفعول بہ علی بُعْدٍ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ
فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَنَادَى الْكَلْبَ وَ مَدَّ يَدَهٗ بِقَطْعَةٍ مِنَ الْخُبْزِ حَتّٰى ظَنَّ الْكَلْبُ اَنَّ الْوَلَدَ يُعْطِيْهٖ لُقْمَةً مِنَ
الْخُبْزِ ۔ تو اس نے کتے کو پکارا اور پھیلایا اس نے اپنے ہاتھ کو اس کی طرف روٹی کے ٹکڑے کے ساتھ یہاں
تک کہ کتے نے گمان کیا کہ لڑکا اس کو روٹی کا ایک ٹکڑا دے گا۔ فا حرف عطف برائے تعقیب نَادٰى فعل
ماضی معروف اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل الْكَلْبَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ
فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف مَدَّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر
پوشید اس کا فاعل اِلَيْـــهِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے يَدَهٗ مرکب اضافی ہو کر مفعول بہ با حرف جار
قَطْعَةٍ موصوف مِنَ الْخُبْزِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثَابِتَةٍ کے ثَابِتَةٍ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس
فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر
متعلق ثانی ہوا مَدَّ فعل کا۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف
اول حَتّٰى حرف عطف ظَنَّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل
اَنَّ حرف مشبہ بالفعل الْوَلَدَ اسم يُعْطِی فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ
اس کا فاعل ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اول لُقْمَةً موصوف مِنَ الْخُبْزِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثَابِتَةً کے
ثَابِتَةً شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی
صفت سے مل کر مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد خبر
حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر بتاویل مفرد مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر معطوف
ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

فَقَرُبَ مِنَ الصَّبِیِّ لِتَنَاوُلِ الْخُبْزِ ۔تو وہ بچے سے قریب ہوا روٹی لینے کے لئے فا حرف عطف قَرُبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل مِنَ الصَّبِیِّ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے لام حرف جار تَنَاوُلِ الْخُبْزِ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا ثانی ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَضَرَبَ الصَّبِیَّ عَلٰی رَاسِہٖ بِالْعَصَا ۔تو بچے نے اس کے سر پر لاٹھی سے مارا۔ فا حرف عطف ضَرَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلصَّبِیَّ فاعل عَلٰی حرف جار رَاسِہٖ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق اول ہوا فعل کے بِالْعَصَا مرکب جری ہو کر متعلق ثانی ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَهَرَبَ الْكَلْبُ عَاوِيًا مِنْ شِدَّةِ الْاَلَمِ ۔تو کتا درد کی شدت سے بھونکتے ہوئے بھاگا۔ فا حرف عطف برائے تعقیب هَرَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلْكَلْبُ ذوالحال عَاوِيًا شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل مِنْ حرف جار شِدَّةِ الْاَلَمِ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا عَاوِيًا کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَفِیْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ كَانَ رَجُلٌ يُطِلُّ مِنْ شُبَّاكِهٖ وَرَأَى مَا فَعَلَ الصَّبِیُّ ۔اور اس وقت میں ایک مرد جھانکتا تھا اپنی کھڑکی سے اور اس نے دیکھا جو بچے نے کیا۔ واؤ حرف عطف فِی حرف جار ذٰلِكَ الْوَقْتِ مرکب وصفی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا كَانَ کے كَانَ فعل ناقص رَجُلٌ اسم يُطِلُّ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل مِنْ حرف جار شُبَّاكِهٖ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا يُطِلُّ کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف رَأَى فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل ما اسم موصول فَعَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلصَّبِیُّ فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

فَنَزَلَ اِلَى الْبَابِ وَنَادَى الصَّبِیَّ وَاَبرز لَهٗ رُوْبِيَّةً ۔تو وہ اترا دروازہ کی طرف اور پکارا اس نے بچے کو اور ظاہر کیا اس نے اس کے لئے روپیہ۔ فا حرف عطف برائے تعقیب نَزَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس فاعل اِلَى الْبَابِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا نَزَلَ کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف نَادَى فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی

ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَلصَّبِیَّ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر معطوف اول واؤ حرف عطف اَبْرَزَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل لَهٗ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے رُوْبِيَّةً مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر معطوف ثانی معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا۔

فَاَسْرَعَ الصَّبِیُّ ۔تو بچے نے جلدی کیا۔ فا حرف عطف برائے تعقیب اَسْرَعَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب الصَّبِیُّ فاعل فعل اپنے فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَمَدَّ يَدَهٗ لِاَخْذِ الرُّوْبِيَّةِ ۔اور اس نے اپنا ہاتھ پھیلایا روپیہ لینے کے لئے واؤ حرف عطف مَدَّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل يَدَهٗ مرکب اضافی ہو کر مفعول بہ لام حرف جار اَخْذِ الرُّوْبِيَّةِ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبَ الرَّجُلُ عَلٰی اَصَابِعِهٖ ۔تو مرد نے اس کی انگلیوں پر مارا۔ فا حرف عطف برائے تعقیب ضَرَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلرَّجُلُ فاعل عَلٰی حرف جار اَصَابِعِهٖ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاَخَذَ الْوَلَدُ يَصْرُخُ اَكْثَرَ مِنَ الْكَلْبِ ۔تو لڑکا کتے سے زیادہ چیخنے لگا۔ فا حرف عطف برائے تعقیب اَخَذَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلْوَلَدُ ذوالحال يَصْرُخُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَكْثَرَ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل مِنَ الْكَلْبِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا اَكْثَرَ کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت ہوئی صُرَاخًا مصدر محذوف موصوف کی موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول مطلق فعل اپنے فاعل اور مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ثُمَّ قَالَ لِلرَّجُلِ لِمَ ضَرَبْتَنِیْ وَاَنَا لَمْ اَطْلُبْ مِنْكَ شَيْئًا۔ پھر اس نے مرد سے کہا کیوں تو نے مجھے مارا۔ دراں حالیکہ میں نے تم سے کوئی چیز نہیں مانگا۔ ثُمَّ حرف عطف قَالَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل لِلرَّجُلِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا قَالَ فعل کے لِمَ مرکب جری ہو کر متعلق مقدم ہوا ضَرَبْتَ کے ضَرَبْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تائے مفتوح ضمیر مرفوع متصل فاعل نون وقایہ یائے متکلم ذوالحال واؤ حالیہ اَنَا مبتدا لَمْ اَطْلُبْ فعل نفی جحد بلم در فعل مستقبل معروف صیغہ واحد متکلم اس میں انا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شَيْئًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقولہ فعل اپنے فاعل اور متعلق اور مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

تو مرد نے کہا اور کیوں مارا تو نے کتے کو فَقَالَ الرَّجُلُ وَلِمَ ضَرَبْتَ الْكَلْبَ وَ هُوَلَمْ يَطْلُبْ مِنْكَ شَيْئًا۔ دراں حالیکہ اس نے تم سے کچھ نہیں مانگا۔ فا حرف عطف برائے تعقیب قَالَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب الرَّجُل فاعل واؤ حرف عطف لِمَ مرکب جری ہو کر متعلق مقدم ہوا ضَرَبْتَ کے ضَرَبْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز مرفوع مفتوح متصل فاعل اَلْكَلْبَ ذوالحال واؤ حالیہ ھو مبتدا لَمْ يَطْلُبْ فعل نفی جحد بلم در فعل مستقبل معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل مِنْكَ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے شَيْئًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال ذوالحال اپنی حال سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق مقدم سے مل کر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقولہ فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ۔ تو برائی کا بدلہ برائی ہے۔ فا حرف عطف جَزَاءُ سَيِّئَةٍ مرکب اضافی ہو کر مبتدا سَيِّئَةٌ خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نبذ من الاحاجی النحوية

هٰذِهِ السَّيَّارَةُ لِزَيْدٍ۔ یہ موٹر زید کی ہے۔ هٰذِهِ السَّيَّارَةُ۔ مرکب وصفی ہو کر مبتدا لِزَيْدٍ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثَابِتَةٌ کے ثَابِتَةٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے اور متعلق سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

يَابَكْرُ۔ اے بکر۔ اس کی ترکیب يَا وَلَدُ جیسی ہے۔

لِ زَيْدًا۔ قریب ہو تو زید سے۔ لِ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل زَيْدًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

عَلٰى زَيْدٍ دَيْنٌ۔ زید پر قرض ہے۔ عَلٰى زَيْدٍ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر مقدم دَيْنٌ مبتدائے مؤخر۔ مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

عَلٰى زَيْدٌ سَقْفًا۔ زید چھت پر چڑھا۔ عَلٰى فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَيْدٌ فاعل سَقْفًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

صَارَ عَمْرٌو ذَاهِبَةٍ۔ عمرو ہبہ والا ہو گیا۔ صَارَ فعل ناقص عَمْرٌو اسم ذَاهِبَةٍ مرکب اضافی ہو کر خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

مَمْلَكَةُ خَالِدٍ ذَاهِبَةٌ۔ خالد کی حکومت جانے والی ہے۔ مَمْلَكَةُ خَالِدٍ مرکب اضافی ہو کر مبتدا ذَاهِبَةٌ شبہ

فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْعِلْمُ كَمَالٌ۔ علم کمال ہے (خوبی) اَلْعِلْمُ مبتدا كَمَالٌ خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْعِلْمُ كَمَالٍ۔ علم مال کی طرح ہے اَلْعِلْمُ مبتدا كَمَالٍ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثابتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ زَيْدًا كَرِيْمٌ۔ بیشک زید شریف ہے۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل زَيْدًا اسم كَرِيْمٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ زَيْدٌ فَطِيْنٌ۔ ہاں زید چالاک ہے۔ اِنَّ حرف ایجاب زَيْدٌ مبتدا فَطِيْنٌ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَنَّ عَمْرٌو كَرِيْمٍ۔ عمرو کراہا سفید اونٹنی کی طرح۔ اَنَّ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب عَمْرٌو فاعل كَرِيْمٍ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِعْلَمْ اَنَّ عَمْرًوا قَارِئٌ۔ جان تو کہ عمرو قاری ہے۔ اس کی ترکیب کو وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ۔ پر قیاس کریں۔

يَا رَشِيْدَةُ۔ اے رشیدہ۔ اس کی ترکیب يَا وَلَدُ جیسی ہے۔

فِىْ النَّذْرَ۔ نذر کو پوری کرتو۔ فِىْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مؤنث حاضر اس میں یا ضمیر مرفوع متصل فاعل النَّذْرَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ انشائیہ ہوا۔

اَلْمَاءُ فِىْ الْبُحَيْرَةِ بَارِدٌ۔ جھیل کا پانی ٹھنڈا ہے اَلْمَاءُ موصوف فِىْ الْبُحَيْرَةِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا الثَّابِتٌ کے الثَّابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا بَارِدٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَائِحَةُ فِىْ الصَّائِمِ اَطْيَبُ۔ روزہ دار کے منہ کی بو عمدہ ہے۔ رَائِحَةُ مضاف فی مضاف الیہ مضاف الصَّائم مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا رَائِحَةُ کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا اَطْيَبُ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قرآنی جملوں کا ترجمہ

اَلْحَبْلُ، رسی، جمع اَحْبُلٌ وحُبُوْلٌ واَحْبَالٌ۔ اَلتَّقْطِیْعُ، بیونتنا، مصدر باب تفعیل۔ اَلْمَقَامِعُ۔ گرزنا، ہتھوڑے۔ واحد مِقْمَعَۃٌ اسم آلہ اَلْجِیْدُ گلا۔ گردن، جمع اَجْیَادٌ وجُیُوْدٌ۔ اَلطَّیْرُ پرندوں واحد طَائِرٌ۔ اَلْاَرْبَعَۃُ۔ چار۔ المسد۔ کھجور کی چھال جمع مِسَادٌ واَمْسَادٌ۔ اَلْاَخْذُ۔ لینا پکڑنا مصدر باب (ن) اَلْلِقَاءُ۔ ملنا۔ ملاقات کرنا مصدر باب (س) اَلْکُفْرُ۔ انکار کرنا۔ مصدر باب (ن) اَلدَّرْکُ۔ طبقہ۔ اَلْاَسْفَلُ۔ سب سے نیچا، اسم تفضیل مصدر سُفُوْلٌ وَسَفَالٌ باب (ن، س، ک) اَلْاَمْطَارُ۔ برسانا، مصدر باب افعال۔ اَلْاِسْقَاطُ۔ گرانا۔ مصدر باب افعال۔ اَلْحِجَارَۃُ۔ پتھروں واحد اَلْحَجَرُ۔ السجیل۔ کنکر۔ السَّمَاءُ۔ آسمان جمع، سَمَاوَاتٌ، سَمٰوَات اَلْجَعْلُ۔ بنانا۔ مصدر باب (ف) اَلْکِسَفُ ٹکڑوں، واحد کِسْفَۃٌ، اَلظَّهِیْرُ۔ مددگار۔ اَلْعُرْضَۃُ۔ نشانہ۔ اَلْاَیْمَانُ۔ قسمیں۔ واحد یَمِیْنٌ۔ اَلتِّلَاوَۃُ۔ پڑھنا مصدر باب (ن) الرِّضْوَان۔ رضا، خوشی مصدر باب (س) اَلثِّیَابُ۔ کپڑے، واحد ثَوبٌ۔

وَلَھُمْ مَقَامِعُ مِنْ حَدِیْدٍ۔ اوران کے لئے لوہے کے گرز ہیں۔ واؤ مستانفہ لَھُمْ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتَۃٌ کے ثَابِتَۃٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم مَقَامِعُ موصوف مِنْ حَدِیْدٍ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتَۃٌ کے ثَابِتَۃٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدائے موخر مبتدائے موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فِیْ جِیْدِھَا حَبْلٌ مِنْ مَّسَدٍ۔ اس کی گردن میں کھجور کی چھال کی رسی ہے۔ فِیْ حرف جار جِیْدِھَا مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مقدم حَبْلٌ موصوف مِنْ مَّسَدٍ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدائے موخر۔ مبتدائے موخر۔ اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَخُذْ اَرْبَعَۃً مِنَ الطَّیْرِ۔ پکڑ تو چار پرندوں کو۔ فا حرف عطف خُذْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَرْبَعَۃً موصوف مِنَ الطَّیْرِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتَۃٌ کے ثَابِتَۃٌ شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ

اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اِنَّ کَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاءِ رَبِّھِمْ لَکٰفِرُوْنَ۔ اور بیشک زیادہ لوگ اپنے رب کی ملاقات سے ضرور انکار کرنے والے ہیں۔ واؤ حرف عطف اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کَثِیْرًا موصوف مِنَ النَّاسِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتًا کے ثابِتًا شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر اسم بَا۔ حرف جار لِقَاءِ مضاف رَبِّ مضاف الیہ مضاف ھِمْ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا لِقَاءِ مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا کٰفِرُوْنَ شبہ فعل کے اس میں لام مفتوح برائے تاکید کٰفِرُوْنَ شبہ فعل اس میں ھُمْ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْکِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ۔ بیشک منافق لوگ جہنم کے سب سے زیادہ نچلے طبقے میں ہیں۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل الْمُنٰفِقِیْنَ اسم فی حرف جار الدَّرك الاسفَلِ مرکب وصفی ہوکر موصوف من النار مرکب جری ہوکر متعلق ہوا اَلثَّابِتِ کے الثَّابِتِ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثَابِتُوْنَ کے ثَابِتُوْنَ شبہ فعل اس میں ھُمْ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَقَالَ مُوْسٰی یٰفِرْعَوْنُ اِنِّیْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ اور کہا موسیٰ (علیہ السلام) نے اے فرعون بیشک میں سارے جہاں کے رب کا رسول ہوں۔ واؤ حرف عطف مستانفہ قَالَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب مُوْسٰی فاعل یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فِرْعَوْنُ مفعول بہ منادیٰ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ منادی سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ندائیہ ہوکر مقولہ اول۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل یائے متکلم اسم رَسُوْلٌ موصوف مِنْ حرف جار رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ وَاَمْطَرْنَا عَلَیْھِمْ حِجَارَۃً مِّنْ سِجِّیْلٍ۔ اور برسایا ہم نے ان پر کنکر یلے پتھر۔ واؤ مستانفہ اَمْطَرْنَا فعل ماضی معروف صیغہ متکلم مع الغیر عَلَیْھِمْ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے حِجَارَۃً موصوف مِنْ سِجِّیْلٍ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتَۃً کے ثَابِتَۃً شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل

اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفاً مِنَ السَّمَاءِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۔تو گرا تو ہم پر آسمان سے ٹکڑے اگر تو سچوں میں سے ہے۔ فاحرف جزائیہ اَسْقِطْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل عَلَيْنَا مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے كِسَفاً موصوف مِنَ السَّمَاءِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتَةً سے ثَابِتَةً شبہ فعل اس میں ھی کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جزائے مقدم اِنْ حرف شرط كُنْتَ فعل ناقص اس میں تَ ضمیر مرفوع متصل اسم مِنَ الصّٰدِقِيْنَ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتاً کے ثَابِتاً شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر شرط مؤخر۔ شرط مؤخر اپنی جزائے مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ۔ پس تم ہرگز نہ رہو کافروں کا مددگار، فَاحرف عطف لَا تَكُوْنَنَّ فعل نہی حاضر معروف بانون ثقیلہ صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی پوشیدہ اس کا اسم ظَهِيْرًا موصوف لِّلْكٰفِرِيْنَ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتاً کے ثَابِتاً شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ۔ اور مت بناؤ تم اللہ (تعالی) کو اپنی قسموں کا نشانہ واو مستانفہ لَا تَجْعَلُوْا فعل نہی حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واو ضمیر بارز اس کا فاعل کلمۂ جلالت مفعول بہ اول عُرْضَةً موصوف لام حرف جار اَيْمَانِكُمْ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثَابِتَةً کے ثَابِتَةً شبہ فعل اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ۔ اور اللہ کی خوشی بڑی ہے۔ واو مستانفہ رِضْوَانٌ موصوف مِنَ اللّٰهِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا اَكْبَرُ اسم تفضیل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ۔ اور بیشک اکثر لوگ ہماری نشانیوں سے ضرور غافل

ہیں۔ واو مستانفہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل كَثِيْرًا موصوف مِنَ النَّاسِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتًا کے ثَابِتًا شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر اسم عَنْ حرف جار اٰيٰتِنَا مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق مقدم لَغٰفِلُوْنَ کے لام مفتوحہ برائے تاکید غٰفِلُوْنَ شبہ فعل اس میں ھُمْ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر خبر اِنَّ اپنے اسم و خبر سے جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ۔ بچو تم زیادہ گمان کرنے سے۔ اِجْتَنِبُوْا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واو ضمیر بارز فاعل كَثِيْرًا موصوف مِنَ الظَّنِّ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتًا کے ثَابِتًا شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنَ النَّارِ۔ ان لوگوں کے لئے آگ کے کپڑے بیونتے گئے۔ قُطِّعَتْ فعل ماضی مجہول باب تفعیل صیغہ واحد مؤنث غائب لَهُمْ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے ثِيَابٌ موصوف مِنَ النَّارِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا ثَابِتَةٌ کے ثَابِتَةٌ شبہ فعل اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر نائب فاعل، فعل ماضی مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ۔ اس نے کہا یہ میرے رب کی رحمت ہے قَالَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل هٰذَا اسم اشارہ مبتدا۔ رَحْمَةٌ موصوف مِنْ حرف جار رَبِّيْ مرکب اضافی ہوکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثَابِتَةٌ کے ثَابِتَةٌ شبہ فعل اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

استعمال فعل بنفسہ و بواسطہ صلات

ضَرَبْتُ الْخَاتَمَ عَلَى الْفَتَاوٰى۔ مہر لگایا میں نے فتوں پر، ضَرَبْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ کی ضمیر بارز متصل فاعل اَلْخَاتَمَ مفعول بہ عَلَى الْفَتَاوٰى مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

زَيْدٌ يَضْرِبُ فِي الْبُحَيْرَةِ۔ زید جھیل میں تیرتا ہے، زید مبتدا يَضْرِبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فِي الْبُحَيْرَةِ مرکب جری ہوکر متعلق ہوا فعل کے

مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَاتَضْرِبْ اَحَدً۔ کسی کو مت مارتو، لَاتَضْرِبْ فعل نہی حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَحَدًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اَلنَّاسُ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ۔ لوگ زمین پر چلتے ہیں، اَلنَّاسُ مبتدا یَضْرِبُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واو ضمیر بارز فاعل فِی الْاَرْضِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَضْرِبُ الْاَمْثَالَ۔ بیان کریں گے ہم کہاوتوں کو، نَضْرِبُ فعل مضارع معروف اس میں نَحْنُ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَلْاَمْثَالَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

زَیْدٌ یَخْتَلِفُ اِلَیَّ۔ زید آتا جاتا ہے میرے پاس، اس کی ترکیب زید یضرف فی البحیرۃ جیسی ہے۔

اَلزُّعَمَاءُ یَخْتَلِفُوْنَ فِیْ ھٰذَا الْاَمْرِ۔ لیڈر لوگ اختلاف کرتے ہیں اس معاملہ میں اس کی ترکیب الناس یضربون فی الارض جیسی ہے۔

ھُمْ سَلَّمُوْا عَلَیَّ۔ ان لوگوں نے مجھ سے سلام کیا، ھُمْ ضمیر منفصل مبتدا سَلَّمُوْا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واو ضمیر بارز فاعل عَلَیَّ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سَلَّمْتُ الْکِتَابَ اِلٰی زَیْدٍ۔ میں نے زید کو کتاب سپرد کی سَلَّمْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم تُ ضمیر بارز مضموم فاعل اَلْکِتَابَ مفعول بہ اِلٰی زَیْدٍ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لِمَ رَغِبْتَ عَنِّیْ، کیوں روگردانی کیا تو نے مجھ سے، لِمَ مرکب جری ہو کر متعلق مقدم ہوا رَغِبْتَ کے رَغِبْتَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں تَ ضمیر بارز فاعل عَنِّیْ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ۔ اور اپنے رب کی طرف مائل ہو تو، واو حرف عطف اِلٰی حرف جار رَبِّکَ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق مقدم ہوا فعل کے فا برائے تعقیب اِرْغَبْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اِنِّیْ اُسَلِّمُ دَلِیْلَ الْمَسْئَلَۃِ۔ بیشک میں مسئلہ کی دلیل کو مانوں گا۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل یائے متکلم اسم اُسَلِّمُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل دَلِیْلَ الْمَسْئَلَۃِ مرکب اضافی ہو کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

دَفَعْتُ اِلٰی بَکْرٍ اُجْرَتَہٗ، بکر کو میں نے اس کی مزدوری دی۔ دَفَعْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مضموم اس کا فاعل اِلٰی بَکْرٍ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے اُجْرَتَہٗ مرکب اضافی ہو کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

ضَرَبْتُ الْاَغْصَانَ اِلَی الْاَرْضِ۔ میں نے ڈالیوں کو زمین کی طرف جھکایا۔ اس کی ترکیب ضربت الخاتم علی الفتاوی جیسی ہے۔

یَضْرِبُنِیَ الْبَرْدُ۔ مجھے ٹھنڈی لگتی ہے، یَضْرِبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایہ یائے متکلم مفعول بہ اَلْبَرْدُ فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

دَفَعَ الْعُلَمَاءُ عَنِ الْاِسْلَامِ۔ علماء نے اسلام کی حفاظت کی۔ دَفَعَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلْعُلَمَاءُ فاعل عَنِ الْاِسْلَامِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

دَفَعَ بَکْرٌ زَیْدًا۔ بکر نے زید کو ہٹایا، دَفَعَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب بَکْرٌ فاعل زَیْدًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلسَّائِلُ دَعَا عَلَی الْبَخِیْلِ۔ بھکاری نے بخیل کو بد دعا دیا۔ اس کی ترکیب زید یضرب فی البحیرۃ جیسی علاوہ اس کے یہاں فعل ماضی ہے۔

دَعَانِیْ خَالِدٌ اِلَی الطَّعَامِ۔ خالد نے مجھ کو کھانا کی طرف بلایا دَعَا فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایہ یائے متکلم مفعول بہ خَالِدٌ فاعل اِلَی الطَّعَامِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

دَعَا زَیْدٌ کَافِرًا اِلَی الْاِسْلَامِ فَاَسْلَمَ۔ زید نے کافر کو اسلام کی طرف بلایا تو وہ اسلام لایا دَعَا فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب زَیْدٌ فاعل اپنے فاعل کَافِرًا مفعول بہ اِلَی الْاِسْلَامِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا فا برائے تعقیب اَسْلَمَ فعل ماضی معروف اس میں ھو کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اِنِّیْ اَدْعُوْ بَکْرًا۔ بیشک میں بکر کو بلاؤں گا، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل یائے متکلم اس کا اسم اَدْعُوْ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل بَکْرًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

دَعَوْتُ لِزَیْدٍ۔ میں نے زید کو دعا دیا۔ دَعَوْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز اس کا فاعل لِزَیْدٍ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اُدْعُ بِالْمَاءِ۔ منگا تو پانی، اُدْعُ فعل امر حاضر معروف اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل بِالْمَاءِ مرکب جری

سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔
ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اَتَوَضَّأُ، میں وضو کروں گا، اَتَوَضَّأُ فعل مضارع معروف اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے
فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْاَھِلَّۃِ۔ لوگ آپ سے پوچھتے ہیں چاندوں کے بارے میں، یَسْئَلُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب واو ضمیر بارز فاعل کَ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ عَنِ الْاَھِلَّۃِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

سَئَلَنِیْ زَیْدٌ کِتَابًا۔ زید نے مجھ سے ایک کتاب مانگی، سَئَلَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب نون وقایہ یائے متکلم مفعول بہ اول زَیْدٌ فاعل کِتَابًا مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

یَتَرَدَّدُ خَالِدٌ اِلٰی عَمْرٍو۔ خالد عمرو کے پاس بار بار آتا ہے۔ یَتَرَدَّدُ فعل مضارع معروف خَالِدٌ فاعل اِلٰی عَمْرٍو مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

تَرَدَّدْتُ فِی الصَّلٰوۃِ۔ میں نے نماز میں شک کیا۔ اس کی ترکیب دَعَوْتُ لِزَیْدٍ جیسی ہے۔

اِنِّیْ اُصَلِّیْ بِالْجَمَاعَۃِ۔ بیشک میں جماعت سے نماز پڑھتا ہوں۔ اس کی ترکیب اِنِّیْ اَدْعُوْ بَکْرًا جیسی ہے علاوہ اس کے کہ اس جملہ میں مفعول بہ نہیں ہے اور ماقبل میں متعلق نہیں ہے۔

زَیْدٌ صَلّٰی عَلَی النَّبِیِّ۔ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔ زید نے درود پڑھا نبی ﷺ پر اس کی ترکیب زید یضرب فی البحیرۃ پر قیاس کریں اور علیہ ﷺ کی ترکیب ماقبل میں گزر گئی ہے۔

زَیْدٌ کَفَّرَ خَالِدًا۔ زید نے خالد کو کافر کہا، زَیْدٌ مبتدا کَفَّرَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل خَالِدًا مفعول بہ اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا اُصَلِّیْ عَلٰی مُرْتَدٍّ، میں مرتد کا نماز جنازہ نہیں پڑھوں گا۔ اس کی ترکیب دَعَوْتُ لِزَیْدٍ جیسی ہے علاوہ اس کے فعل مضارع منفی معروف ہے۔

کَفَّرَ عَمْرٌو عَنْ یَمِیْنِہٖ۔ عمرو نے اپنے قسم کا کفارہ ادا کیا، اس کی ترکیب یتردد خالد الی عمرو جیسی ہے علاوہ اس کے کہ یہاں فعل ماضی ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُکَفِّرُ سَیِّئَۃَ الْمُؤْمِنِ۔ بیشک اللہ تعالی مومن کے گناہوں کو مٹا دے گا۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمہ جلالت اسم یُکَفِّرُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل سَیِّئَۃَ الْمُؤْمِنِ مرکب اضافی ہو کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلرَّجُلُ الْمُتَدَیِّنُ یَدْفَعُ عَنْ مَذْھَبِہٖ۔ دیندار مرد اپنے مذہب کی حفاظت کرتا ہے، اَلرَّجُلُ الْمُتَدَیِّنُ مرکب وصفی ہو کر مبتدا یَدْفَعُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل عَنْ حرف جار مَذْھَبِہٖ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

رَبُّ الْمَنْزِلِ ھٰھُنَا۔ گھر کا مالک یہاں ہے، رَبُّ الْمَنْزِلِ مرکب اضافی ہو کر مبتدا ھا برائے تنبیہ ھُنَا مفعول فیہ ہوا مَوْجُوْدٌ کا مَوْجُوْدٌ شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆☆☆

قرآنی جملے

اَلْخَمْرُ، ہر نشلی چیز، انگوری شراب، اَلْمَیْسِرُ، جوا، اَلْاِثْمُ گناہ جمع اٰثَام، اَلرِّزْقُ، روزی، جمع اَرْزَاقٌ، اَلْاِشْھَادُ، حاضر کرنا، گواہ بنانا، مصدر باب افعال، کَانَ ہوا، فعل ماضی معروف از افعال ناقصہ مصدر کَوْنٌ باب (ن) اَلسَّیْرُ، چلنا، گھومنا، مصدر باب (ض) اَلْعَاقِبَۃُ، انجام، اَلْمُکَذِّبُ، اسم فاعل از باب تفعیل، جھٹلانا، مصدر تَکْذِیْبٌ، اَلشَّعَائِرُ نشانیاں، واحد شَعِیْرَۃٌ۔

یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ۔ لوگ آپ سے شراب اور جوا کے بارے میں پوچھتے ہیں، یَسْئَلُوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واو ضمیر بارز اس کا فاعل کاف ضمیر منصوب متصل مفعول بہ عَنْ حرف جار اَلْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ مرکب عطفی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قُلْ فِیْھِمَا اِثْمٌ کَبِیْرٌ، تم فرما دو ان دونوں میں بڑا گناہ ہے۔ قُلْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فِیْھِمَا مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر مقدم اِثْمٌ کَبِیْرٌ مرکب وصفی ہو کر مبتدائے مؤخر مبتدائے مؤخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ۔ بیشک اللہ اور اس کے فرشتے درود پڑھتے ہیں نبی (ﷺ) پر اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمہ جلالت معطوف علیہ واو حرف عطف مَلٰئِکَتَہٗ مرکب اضافی ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر اسم یُصَلُّوْنَ فعل مضارع معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واو ضمیر بارز اس کا فاعل عَلٰی

النَّبِیِّ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا۔ ہم تم سے روزی نہیں مانگتے ہیں، لَا نَسْئَلُ فعل مضارع منفی معروف صیغہ متکلم مع الغیر اس میں نَحْنُ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل کاف ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اول رِزْقًا مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

نَحْنُ نَرْزُقُكَ، ہم تجھے روزی دیتے ہیں، نَحْنُ مبتدا نَرْزُقُ فعل مضارع معروف صیغہ متکلم مع الغیر اس میں نَحْنُ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل کاف ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ۔ اللہ (تعالیٰ) بیان کرتا ہے لوگوں کی کہانیاں، واو حرف عطف یَضْرِبُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر غائب کلمہ جلالت فاعل اَلْاَمْثَالَ موصوف لِلنَّاسِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا اَلثَّابِتَةَ کے اَلثَّابِتَةَ شبہ فعل اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ۔ تو جب تم دو ان لوگوں کو ان کا مال تو گواہ بناؤ تم ان پر۔ فا برائے تعقیب اِذَا کلمہ ظرف متضمن بمعنی شرط مفعول فیہ مقدم دَفَعْتُمْ فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں تُمْ ضمیر بارز فاعل اِلَيْهِمْ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے اَمْوَالَهُمْ مرکب اضافی ہو کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور مفعول فیہ مقدم اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فا جزائیہ اَشْهِدُوْا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واو ضمیر بارز فاعل عَلَيْهِمْ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

قُلْ سِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ، تم فرما دو تم لوگ سیر کرو زمین پر پھر دیکھو کیا ہوا جھٹلانے والوں کا حال قُلْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل سِيْرُوْا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واو ضمیر بارز اس کا فاعل فِى الْاَرْضِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا سِيْرُوْا کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ ثُمَّ حرف عطف اُنْظُرُوْا فعل امر حاضر معروف صیغہ جمع مذکر حاضر اس میں واو ضمیر بارز فاعل، كَيْفَ اسم استفہام خبر مقدم كَانَ فعل ناقص عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ، مرکب اضافی ہو کر اسم فعل ناقص اپنے اسم اور خبر مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مقولہ فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ۔ بیشک اللہ ہر ممکن شے پر قادر ہے۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمہ جلالت اسم عَلٰى

حرف جار كُلِّ شَىْءٍ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق مقدم ہوا قَدِيْرٌ کے قَدِيْرٌ شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ۔ بیشک صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَلصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مرکب عطفی ہو کر اسم مِنْ حرف جار شَعَائِرِ اللّٰهِ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے اور متعلق سے مل کر خبر اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ۔ بیشک دین اللہ (تعالیٰ) کے نزدیک اسلام ہے، اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَلدِّيْنَ موصوف عِنْدَ اللّٰهِ مرکب اضافی ہو کر مفعول فیہ ہوا، اَلْمَرْضِىُّ کے اَلْمَرْضِىُّ اسم مفعول اس میں ھُوَ کی پوشیدہ اس کا نائب فاعل اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر اسم اَلْاِسْلَامُ خبر حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ، تو خوشخبری دیجئے آپ ان لوگوں کو دردناک عذاب کا۔ فا برائے حرف عطف برائے تعقیب بَشِّرْ فعل امر حاضر معروف صیغہ واحد مذکر حاضر باب تفعیل اس میں اَنْتَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل ھُمْ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ باء حرف جار عَذَابٍ اَلِيْمٍ مرکب وصفی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ۔ تو بیشک اللہ (تعالیٰ) کافروں کا دشمن ہے، فا برائے تعقیب اِنَّ حرف مشبہ بالفعل کلمہ جلالت اسم عَدُوٌّ موصوف لِلْكٰفِرِيْنَ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا ثَابِتٌ کے ثَابِتٌ شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اسمائے موصولات

اَلَّذِىْ	واحد مذکر کے لئے، رفع ونصب وجر تینوں میں یہ استعمال کیا جائے گا۔
اَلَّتِىْ	واحد مونث کے لئے 〃 〃 〃
اَللَّذَانِ	تثنیہ مذکر کے لئے، یہ حالت رفعی میں استعمال کیا جائے گا۔
اَللَّتَانِ	تثنیہ مونث کے لئے 〃 〃 〃
اَلَّذِيْنَ	جمع مذکر کے لئے، رفع ونصب وجر تینوں حالت میں استعمال کیا جائے گا۔

جاتا ہے۔ جو، جس، جن، جنہوں وغیرہ کیا جاتا ہے۔

نوٹ:۔ اسمائے موصولہ کا ترجمہ: جو، جس، جن، جنہوں وغیرہ کیا جاتا ہے۔
اَلْمَعْرُوْفُ، اچھا، پہچاننا، جاننا، معنی مصدری، اسم مفعول، از عِرْفَانٌ باب (ض) اَلْحِبْرُ، نیک عالم، جمع اَحْبَارٌ وحُبُوْرٌ، اَلْحَقِیْبَۃُ، بیگ، تھیلا، جمع حَقَائِبُ، اَلزِّیَارَۃُ، ملاقات کے لئے جانا، مصدر باب (ن) اَلْمُنْکَرُ، خلاف مرضی خدا قول ہو یا فعل فعل کی صورت میں، مَنَاکِرُ، ومُنْکَرَاتٌ، اَلسَّبُّ، سخت گالی دینا، مصدر باب (ن) اَلطَّیِّبُ، پاکیزہ، اچھا، حلال، مونث طیبہ، جمع طَیِّبَاتٌ۔

اَلَّذِیْ خَطَبَ عَالِمٌ، جس نے تقریر کیا وہ عالم ہے، اَلَّذِیْ اسم موصول خَطَبَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا عَالِمٌ شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلَّتِیْ قَرَأَتْ وَلِیْدَۃٌ، جس نے پڑھا وہ لڑکی ہے، اس کی ترکیب الذی خطب عالم جیسی ہے علاوہ اس کے کہ اسم موصول اور صلہ وفعل نیز خبر مؤنث ہے۔

قَالَ الَّذِیْ ھُوَ حِبْرٌ، جس نے کہا وہ عالم ہے، قَالَ فعل ماضی معروف صیغہ واحد مذکر غائب اَلَّذِیْ اسم موصول ھُوَ مبتدا حِبْرٌ خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

رَأَیْتُ الرَّجُلَیْنِ الَّذَیْنِ اَمَرَا بِالْمَعْرُوْفِ۔ دیکھا میں نے ان دو مردوں کو جنہوں نے حکم دیا بھلائی کا۔ رَأَیْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مضموم فاعل اَلرَّجُلَیْنِ موصوف اَلَّذَیْنِ اسم موصول اَمَرَا فعل ماضی معروف صیغہ تثنیہ مذکر غائب اس میں الف ضمیر بارز فاعل بِالْمَعْرُوْفِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

قَتَلْتُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا۔ مار ڈالا میں نے ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا، قَتَلْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز فاعل اَلَّذِیْنَ اسم موصول ظَلَمُوْا فعل ماضی معروف صیغہ جمع مذکر غائب اس میں واو ضمیر بارز فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَزُوْرُ الْحِبْرَ الَّذِیْ یَمْنَعُ النَّاسَ عَنِ الْمُنْکَرِ۔ ملاقات کروں گا میں اس عالم سے جو لوگوں کو برائی سے روکتا ہے۔ اَزُوْرُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد متکلم اس میں اَنَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَلْحِبْرُ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول یَمْنَعُ فعل مضارع معروف اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَلنَّاسَ مفعول بہ عَنِ الْمُنْکَرِ مرکب جری ہو کر متعلق ہوا یَمْنَعُ فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ

اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

لَقِیْتُ الْمَرْأَتَیْنِ اللَّتَیْنِ اَسْلَمَتَا۔ میں نے ان دو عورتوں سے ملاقات کیا جو مسلمان ہوئیں، لَقِیْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم تُ ضمیر بارز فاعل اَلْمَرْأَتَیْنِ موصوف اَللَّتَیْنِ اسم موصول اَسْلَمَتَا فعل ماضی معروف صیغہ تثنیہ مؤنث غائب اس میں الف ضمیر بارز فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلَّتِیْ ھِیَ صَالِحَۃٌ تَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ۔ وہ جو نیکوکار ہے پڑھتی ہے قرآن کو، اَلَّتِیْ اسم موصول ھِیَ مبتدا صَالِحَۃٌ شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا تَقْرَأُ فعل مضارع معروف صیغہ واحد مؤنث غائب اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل اَلْقُرْاٰنَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سَلَّمْتُ عَلَی الرَّجُلَیْنِ الَّذَیْنِ ھُمَا رَاکِبَانِ۔ میں نے ان دو مردوں سے سلام کیا جو سوار ہیں، سَلَّمْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مضموم فاعل عَلٰی حرف جار اَلرَّجُلَیْنِ موصوف اَللَّذَیْنِ اسم موصول ھُمَا مبتدا رَاکِبَانِ اسم فاعل شبہ فعل اس میں ھُمَا کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلْکِتَابُ الَّذِیْ ھُوَ بِیَدِیْ حَسَنٌ۔ وہ کتاب جو میرے پاس ہے اچھی ہے، اَلْکِتَابُ موصوف اَلَّذِیْ اسم موصول ھُوَ مبتدا بَا حرف جار یَدِیْ مرکب اضافی ہو کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مَوْجُوْدٌ کے مَوْجُوْدٌ شبہ فعل (اسم مفعول) اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا حَسَنٌ شبہ فعل اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْفَرَسُ الَّتِیْ ھِیَ عِنْدَکَ جَیِّدَۃٌ۔ وہ گھوڑا جو تیرے پاس ہے عمدہ ہے، اَلْفَرَسُ موصوف اَلَّتِیْ اسم موصول ھِیَ مبتدا عِنْدَکَ مرکب اضافی ہو کر مفعول فیہ ہوا مَوْجُوْدَۃٌ کے مَوْجُوْدَۃٌ (اسم مفعول) شبہ فعل اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا نائب فاعل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مبتدا اپنی

مل کر مبتدا جَیِّدَۃٌ (صفت مشبہ) شبہ فعل اس
خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ
میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ
اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْحَقِیْبَۃُ الَّتِیْ اشْتَرَیْتُھَا جَدِیْدَۃٌ۔ جو ہینڈ بیگ میں نے خریدا نیا ہے۔ اَلْحَقِیْبَۃُ موصوف اَلَّتِیْ اسم موصول
اِشْتَرَیْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد متکلم اس میں تُ ضمیر بارز مضموم فاعل ھَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ فعل
اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی
صفت سے مل کر مبتدا جَدِیْدَۃٌ شبہ فعل صفت مشبہ اس میں ھِیَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے
مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَلْوَلَدُ الَّذِیْ یَقْرَأُ عَلٰی نَبِیْہٖ۔ جو لڑکا میرے پاس پڑھتا ہے ہوشیار ہے اس کی ترکیب ماقبل جیسی ہے علاوہ
اس کے کہ یہاں موصوف اسم موصول صلہ خبر مذکر ہے اور یَقْرَأُ فعل مضارع اس میں ھُوَ فاعل اور عَلٰی مرکب
جری ہوکر متعلق ہے۔

ضَرَبْتُ مَنْ سَبَّ زَیْدًا۔ میں نے مارا اس کو جس نے گالی دیا زید کو۔ ضَرَبْتُ فعل ماضی معروف صیغہ واحد
متکلم اس میں تُ ضمیر مضموم بارز فاعل مَنْ اسم موصول سَبَّ فعل ماضی معروف اس میں ھُوَ کی ضمیر پوشیدہ اس کا
فاعل زَیْدًا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اسم موصول اپنے صلہ سے مل
کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

اَلْقَلَمُ مَاھُوَ۔ قلم کیا ہے وہ، اَلْقَلَمُ مبتدائے اول مَا اسم استفہام مبتدائے ثانی ھُوَ خبر مبتدائے ثانی اپنی خبر سے
مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوکر خبر ہوئی مبتدائے اول کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا۔

ھُوَ مَا یُکْتَبُ بِہٖ۔ وہ وہ ہے جس سے لکھا جائے۔ ھُوَ مبتدا مَا اسم موصول یُکْتَبُ فعل مضارع مجہول صیغہ واحد
